مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

اپریل 2018ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

شعبان المعظم کے فضائل

عبادات رجب، شعبان

جنات کی روحانی واردات

اعمال شرف شمس

جادوگروں کی اقسام

آسان حاضرات

آسان مجرب عملیات

تسخیر موکل سورۃ اخلاص

پیپیتا کی افادیت

روحانی ترقی کا وظیفہ

اپریل کے لکی نمبر

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّد

شجرہ طیبہ چہاردہ معصومین علیہم السلام

اِنَمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْراً

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّد

اپنے علم کو جہل اور اپنے یقین کو شک نہ بنائو۔ جب جان لیا تو عمل کرو، اور جب یقین پیدا ہوگیا تو آگے بڑھو:۔ حضرت علیؑ

اسمائے معصومینؑ	لقب	کنیت	اُمہات	تعداد اولاد	تاریخ ولادت	جائے ولادت	تاریخ شہادت	مدت حیات	جائے مدفن
حضرت محمدؐ ابن عبداللہؑ	مصطفیٰؐ	ابوالقاسم	حضرت آمنہ بنت وہب	فاطمہؑ الزہراؑ، طیبؑ، طاہرؑ، قاسمؑ، ابراہیمؑ	۱۷ ربیع الاول ۱ عام الفیل	شعب ابوطالب (مکہ معظمہ)	۲۸ صفر ۱۱ھ	۶۳ سال	مدینہ منورہ
حضرت فاطمہؑ بنت رسولؐ	زہراؑ	اُم الحسین سیدۃ النساء	حضرت خدیجہ الکبریٰ	حسنؑ، حسینؑ، زینبؑ، اُم کلثومؑ، اسقاطِ محسنؑ	۲۰ جمادی الثانی ۵ بعثت	مکہ معظمہ	۳ جمادی الثانی ۱۱ھ	۱۸ سال ۵ ماہ ۱۵ دن	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام علیؑ ابن ابی طالبؑ	امیر المومنینؑ	ابوالحسنؑ ابوتراب	حضرت فاطمہ بنت اسد	۱۱ پسر ۱۶ دختران	۱۳ رجب ۳۰ھ عام الفیل جمعہ	(درمیان) خانہ کعبہ	۲۱ رمضان ۴۰ھ	۶۳ سال	نجف اشرف (عراق)
حضرت امام حسنؑ ابن علیؑ	مجتبیٰؑ	ابومحمدؑ	حضرت فاطمۃ الزہراؑ	۸ پسر ۷ دختران	۱۵ رمضان ۳ھ	مدینہ منورہ	۲۸ صفر ۵۰ھ	۴۷ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام حسینؑ ابن علیؑ	سیّد الشہداءؑ	ابوعبداللہ	حضرت فاطمۃ الزہراؑ	۶ پسر ۴ دختران	۳ شعبان ۴ھ	مدینہ منورہ	۱۰ محرم الحرام ۶۱ھ	۵۷ سال	کربلا معلےٰ (عراق)
حضرت امام علیؑ ابن الحسینؑ	زین العابدینؑ	ابومحمدؑ	حضرت شہربانو بنت یزدجرد	۱۱ پسر ۴ دختران	۱۵ جمادی الاول ۳۸ھ	مدینہ منورہ	۲۵ محرم الحرام ۹۵ھ	۵۷ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام محمدؑ ابن علیؑ	باقرؑ	ابوجعفر	فاطمہ بنت امام حسنؑ	۵ پسر ۲ دختران	یکم رجب المرجب ۵۷ھ	مدینہ منورہ	۷ ذی الحجہ ۱۱۴ھ	۵۷ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام جعفرؑ ابن محمدؑ	صادقؑ	ابوعبداللہ ابواسماعیل	اُم فروہ بنت قاسم بن محمد ابن ابی بکر	۷ پسر ۳ دختران	۱۷ ربیع اول ۸۳ھ	مدینہ منورہ	۱۵ شوال المکرم ۱۴۸ھ	۶۵ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام موسیٰؑ ابن جعفرؑ	کاظمؑ	ابوابراہیم ابوالحسن	حمیدہ خاتون	۱۹ پسر ۱۸ دختران	۷ صفر المظفر ۱۲۸ھ	ابواء مابین مکہ و مدینہ	۲۵ رجب المرجب ۱۸۳ھ	۵۵ سال	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ ابن موسیٰؑ	رضاؑ	ابوالحسن	اُم البنین	امام محمد تقیؑ	۱۱ ذیقعد ۱۵۳ھ	مدینہ منورہ	۲۳ ذیقعد ۲۰۳ھ	۵۰ سال	مشہد مقدس (ایران)
حضرت امام محمدؑ ابن علیؑ	تقیؑ	ابوجعفر	خیزران خاتون (ریحانہ)	۲ پسر ۲ دختران	۱۰ رجب المرجب ۱۹۵ھ	مدینہ منورہ	۲۹ ذیقعد ۲۲۰ھ	۲۵ سال ۳ ماہ ۱۲ دن	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ ابن محمدؑ	نقیؑ	ابوالحسن	سمانہ خاتون	۵ پسر دختران	۵ رجب المرجب ۲۱۴ھ	حوالی مدینہ منورہ	۳ رجب المرجب ۲۵۴ھ	۴۰ سال	زمن رائے (عراق)
حضرت امام حسنؑ ابن علیؑ	عسکریؑ	ابومحمدؑ	حدیثہ خاتون	حضرت صاحب العصرؑ	۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ	مدینہ منورہ	۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ	۲۸ سال ۲ ماہ	سرمن رائے (عراق)
حضرت امام محمدؑ ابن الحسنؑ	الحجۃ القائم المہدیؑ	ابوالقاسم	نرجس خاتون	العلم عند اللہ	۱۵ شعبان ۲۵۶ھ	سرمن رائے (سامرہ)	بحکم خدا زندہ ہیں!	ماشاء اللہ	جائے غیبت سرمن رائے

مصدقہ:۔ ادارہ شیعہ مجلس علمائے پاکستان

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 13 اپریل 2018ء شمارہ نمبر 10

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل
ڈائریکٹر
ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس) عابد کمالوی حکمہ تعلقات عامہ
ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر) بابا صدف انبالوی علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی کامران بنگش
شہزاد رضوان حسین شاہ منظور علی سموں زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
فضائل شعبان	03	روحانی ترقی کا وظیفہ	26
عبادات رجب، شعبان	04	ڈنکا شاہ علیؑ	27
جنات کی روحانی واردات	06	روحانی معالج	28
ستاروں کی چال، وظیفے کا کمال	08	پپیتا کی افادیت	31
انٹرویو (ابصار حیدر حیدری)	12	فضیلت شعبان	32
جادوگروں کی اقسام	14	یہ ماہ کیسا رہیگا	33
لوح زحل	16	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	39
حاضرات	19	روزانہ کے لکی نمبر	40
نقش فتح نامہ	20	اپریل کے لکی نمبر	41
آسان مجرب عملیات	22	پیغامات	44
تسخیر موکل سورۃ اخلاص	24	آپکی ڈاک	45
حاضرات سورۃ فاتحہ	25	قلمی دوستی	47

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 7201 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آہستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک:۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک:۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک:۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

رجب، زکات سورۃ مزمل

نوچندا توار سے قبل نماز فجر 11 بار درود مزمل پڑھیں 2 رکعت نماز نفل تہجد ادا کریں سورۃ مزمل 11 بار پڑھیں۔ اس کے بعد برائے تسخیر کل روحانیت سورۃ مزمل کی دعا کریں۔ اب دوبارہ پھر 11 بار درود مزمل پڑھیں اور 2 رکعت نماز تہجد ادا کریں پھر درج بالا طریقہ سے دعا کریں۔ تیسری بار پھر 11 بار درود مزمل پڑھ کر دو رکعت نماز تہجد ادا کریں اور پھر تسخیر خلق کل روحانیت کی دعا کریں۔ آخر میں 11 بار درود مزمل اختتامی پڑھیں مدت عمل زکات 11 یوم ہے۔ یاد رہے ماہ رجب آئمہ کرام کی ولادت باسعادت اور شہادت کا مہینہ ہے سورۃ مزمل پڑھ کر یکم رجب امام محمد باقرؑ 3 رجب شہادت امام علی تقیؑ 5 رجب ولادت امام علی تقیؑ 9 رجب ولادت باسعادت علی اصغرؑ 10 رجب ولادت با سعادت امام محمد تقیؑ 13 رجب ولادت باسعادت مولا علیؑ 15 رجب شہادت بی بی زینبؑ 22 رجب نیاز امام جعفر صادقؑ 25 رجب شہادت امام موسیٰ کاظمؑ ان تمام ایام میں جو کہ ولادت یا شہادت سے منسوب ہیں۔ آئمہ کرام نیاز دینا باعث برکت وراہ نجات ہر غم و مصیبت دنیا و آخرت ہے۔

فضائل شعبان

تحریر: خورشید علی خورشیدی (مری)

شعبان بابرکت مہینہ ہے، جس کی فضیلت کے حوالے سے بے شمار احادیث منقول ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رجب اور رمضان کے درمیان ایک مہینہ ہے لوگ اس کی شان سے غافل ہیں۔ اس میں بندوں کے اعمال اُٹھائے جاتے ہیں اور مجھے یہ محبوب ہے کہ میرے اعمال اِس حال میں اُٹھائے جائیں کہ میں روزے دار ہوں۔ شعبان کا تمام مہینہ برکتوں اور سعادتوں کا مجموعہ ہے۔ خصوصاً اس کی پندرہویں رات جس کو شب برأت اور لیلۂ مبارکہ کہتے ہیں۔ یہ باقی شعبان کی راتوں بلکہ سال کی اکثر راتوں سے افضل ہے۔ خود خالق دو جہاں اِس رات کی تعریف قرآن مجید میں اس طرح فرماتا ہے۔

''قسم ہے اس روشن کتاب کی، ہم نے اسے برکت والی رات میں اتارا، بے شک، ہم ڈر سنانے والے ہیں۔ اس میں بانٹ دیا جاتا ہے ہر حکمت والا، ہمارے حکم سے، بے شک، ہم بھیجنے والے ہیں تمہارے رب کی طرف سے رحمت، بے شک، وہ سنتا ہے، جانتا ہے''۔

لیلہ مبارکہ سے مراد شب قدر ہے اور یہی اکثر مفسرین کی رائے ہے۔ اس مبارک رات میں ہر شخص کا رزق لکھ دیا جاتا ہے کہ اس سال اسے کتنا ملے گا اور کتنا استعمال کریگا۔ اسی طرح موت بھی لکھ دی جاتی ہے کہ فلاں شخص اتنی مدت تک زندہ رہیگا۔ جو کام آئندہ سال ہونے والا ہوتا ہے سب کچھ لکھ دیا جاتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ شعبان کی پندرہویں شب میں خدائے ذوالجلال آسمانِ دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے۔ یعنی اس کی رحمت نازل ہوتی ہے اور کارکنان غیبی اللہ تعالیٰ کے سامنے سال بھر کے اعمال نامے پیش کرتے ہیں۔ بار بار ندا ہوتی ہے، خبردار ہے، کوئی مغفرت مانگنے والا کہ میں اس کے گناہوں کو بخش دوں۔ خبردار ہے کوئی رزق مانگنے والا کہ میں اس کو رزق دوں۔ ہے کوئی کسی مصیبت میں گرفتار کہ میں اس کو معافی عطا کروں۔ ہے کوئی ایسا، یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جاتی ہے۔ وہ لوگ کتنے سعادت مند ہیں جو اس رات عبادت کرتے ہیں اور توبہ کر کے اپنے رب کو راضی کرتے ہیں۔ اور اپنے گناہوں کا بوجھ ہلکا کرتے ہیں۔ رزق حلال مانگ کر خزانہ غیب سے مالا مال ہو جاتے ہیں، بیماریوں اور مصیبتوں سے پناہ مانگ کر ان سے خلاصی حاصل کرتے ہیں۔ سیدنا حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ شعبان کی پندرہویں رات (رحمت) کی تجلی فرماتا ہے۔ پس تمام مخلوق کو سوائے مشرک اور کینہ پرور کے بخشش فرماتا ہے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ مشرک، جادوگر، کاہن، زنا پر اصرار کرنے والا، شراب پینے والا، ان کی بخشش نہیں ہوتی۔ اس سے معلوم ہوا کہ جو مسلمان کسی دوسرے مسلمان سے غیر شرعی طور پر کینہ اور عداوت رکھتا ہے اس کی مغفرت نہیں ہوتی اس لئے پہلے زمانے کے لوگ شب برأت سے پہلے ہی ایک دوسرے سے معافی مانگتے اور ان کو راضی کرتے تھے تاکہ اس رات کی رحمت و مغفرت سے بہرہ ور ہو سکیں۔

یہ مبارک رات عبادت کی ہے اس میں ہمہ تن قرآن خوانی اور نوافل میں مشغول رہنا چاہئے۔ عبادت کرنی چاہئے۔ سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رحمتہ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جب شعبان کی پندرہویں رات ہو تو اس رات میں قیام کرو اور اس کے دن میں روزہ رکھو۔

کسی شخص نے سیدنا حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ سے توبہ کا سبب دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ شراب پینے کا عادی تھا اور میری چھوٹی سی بچی تھی جو میرے سامنے ہی شراب کی بوتلوں کو اُنڈیل دیتی تھی، جب وہ دو سال کی ہوئی تو وفات پا گئی جس کی وجہ سے میرے دل پر بڑا صدمہ ہوا۔ جب شعبان کی پندرہویں رات آئی تو میں نے خواب میں دیکھا کہ قیامت قائم ہو گئی ہے اور ایک بڑا اژدھا اپنا منہ کھولے ہوئے میرے پیچھے لگ گیا، میں نے بھاگنا شروع کر دیا۔ مجھے ایک نیک بزرگ نظر آئے۔ میں نے ان سے کہا کہ مجھے اس اژدھا سے بچاؤ، تو انہوں نے رو کر کہا کہ میں ضعیف و کمزور ہوں، تمہیں نہیں بچا سکتا، لیکن تم آگے جاؤ، شاید اللہ تعالیٰ تمہاری نجات کا کوئی ذریعہ بنا دے۔ میں بھاگا اور ایک آگ کے پاس گیا تو آواز آئی واپس جاؤ، میں پیچھے واپس ہوا مگر اژدھا میرے پیچھے لگا ہوا تھا، میں پھر اس بزرگ کے پاس سے گزرا۔ انہوں نے کہا میں کمزور ہوں، تیری مدد نہیں کر سکتا، البتہ اس پہاڑ کی طرف چلا جا، اس میں مسلمانوں کی امانتیں ہیں۔ اگر تیری بھی کوئی امانت ہوئی تو وہ تیری مدد کرے گی، جب میں پہاڑ کے قریب پہنچا تو ایک فرشتے نے آواز دی کہ دروازہ کھول دو، اس کی تمہارے پاس کوئی امانت ہو تو وہ اس کو دشمن سے پناہ دے گی، جب دروازہ کھل یا تو اچانک مجھے بچی نظر آئی جس نے اپنے دائیں ہاتھ سے مجھے کڑا اور بائیں ہاتھ سے اژدھے کو دفع کیا، تو وہ سانپ بھاگ گیا۔ پھر بچی نے کہا ابا جان!

کیا ابھی تک وہ وقت نہیں آیا کہ آپ توبہ کریں!۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا تو قرآن شریف جانتی ہے؟ اس نے کہا ہاں! میں نے اس سانپ کے متعلق پوچھا تو بچی نے کہا کہ وہ آپ کا عمل بد تھا اور وہ بزرگ نیک عمل تھا۔ مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں گھبراتے ہوئے بیدار ہوا تو میں نے مکمل طور پر توبہ کی۔

درود شریف پڑھ کر سجدہ کرے اور جناب الٰہی سے اپنی حاجت چاہئے پوری ہوگی حاجت اس کی ایضاً اسی مہینے کی آخر نماز جمعہ کے بعد بارہ رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار پڑھے بعد فراغ ہاتھ دعا کے لئے اٹھائے اور حاجت چاہے حاجت اس کی روا ہوگی۔

نماز و دعا شعبان

17 اپریل 2018ء بروز منگل ممکنہ پہلی شب شعبان کو بارہ رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پندرہ بار پڑھے دس ہزار نیکیاں اس کے لکھی جاتی ہیں۔ اور دس ہزار بدیاں اس کے نامہ اعمال سے دور کی جاتی ہیں۔

نماز و دعا شب برات

یکم مئی 2018ء بروز منگل یہ ممکنہ شب برات ہوسکتی ہے سو رکعتیں پچاس سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص دس بار ایضاً حضرت خواجہ ذوالنون مصری روایت کرتے ہیں کہ شب برات کو بارہ رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پچاس بار، اس کا سو رکعتوں کا ثواب پائے گا۔ سلطان الموحدین شیخ ظہور حاجی حمید حضور قدس سرہ العزیز روایت کرتے ہیں کہ شب برات کو دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ خلاص پانچ سو بار اور معوذتین سو بار ایک سو بارہ رکعتوں کا ثواب پائے گا۔ اور ثواب معوذتین کا زیادہ ہے سلام کے بعد سجدہ کرے اور یہ دعا پڑھے۔

سجدلك سوادی وخیالی وامن بك فوادی واقربك لسانی وهذازلنا ظاهر بین یدیك یاعظیم كل عظی ن اغفر ذنوبی العظیم فانه لا اله ان یغفرغیرك یاعظیم اللهم سجد وجهی الفانی لوجودك الباقی الهی بحرمة وجه خیرلك ساجد اور یہ دعا بھی پڑھے **اغفروجهی فی التراب لوجد سیدی وبحق وجه سیدی ان یغفرالوجوه له** پھر سر اٹھا کر بیٹھے اور درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

اللهم ارزقنی قلبا نقیتا من الشرك بریئاً لا لكافراوالا شقیتاً المستبصرخین ویاامن الخآئفین ویادلیل المتحیرین ویاغیاث المستغیثین ویاارحم الراحمین اللهم ان كنت كتبتنی فی ام الكتاب عندك شقیاً فقیراً فامح عنی اسم الشقاوة الفقر وثبتنی عندك سعیداً غنیاً وان كنت كتبتنی فی ام الكتاب عنده محروما مقترًا علی رزقی فامح عنی حرمافی وتقتیر رزقی فانك قلت فی ام الكتاب یمحو الله مایشاء ویثبت ووعنده علم الكتاب۔

دعا شب برات

اللهم یاذالمن ولا یمن علیك یا ذالجلال والاكرام یاذالطول والانعم لا اله الا انت یاظهیر الاحین ویارجآء المستحیرین ویاصریخ

13 رجب، زکات نادعلیؑ

13 رجب مولود کعبہ کا دن ہے اس رات دعائے نادعلیؑ کی زکات دی جاتی ہے اس رات میں نادعلیؑ 110 بار پڑھ کر اگر زیادہ روحانی قوت کا حصول چاہتے ہوں تو 1100 بار پڑھیں۔ اور روزانہ ورد میں اس کی تعداد 11 یا 110 بار رکھیں تاکہ اس دعا کی روحانی قوت آپکے ساتھ رہے۔ جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو تو دعائے نادعلیؑ 110 بار ورد کریں ان شاء اللہ تعالیٰ مسئلہ حل ہوجائیگا۔

رجب، زکات سورۃ مزمل

27 رجب المجرب کو شب معراج ہوتی ہے اس ایک رات میں زکات مزمل ادا کی جاسکتی ہے۔ اس رات کی فضیلت دیگر عام راتوں سے کئی افضل ہے سورۃ مزمل کی زکات کی ادائیگی ایک سال کیلئے انوارات اور تجلیات، فیض و برکات حاصل کرنے کی نیت سے 26.27.28 رجب کے روزے کی نیت کرے اور 26 رجب عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل استغفار پڑھیں اور سورۃ مزمل 92 بار پڑھی جائیگی۔ یہ تعداد بغیر کسی بات چیت کے ایک نشست میں پوری کی جائے اس کے بعد روزانہ مداومت سورۃ مزمل 11 بار بعد نماز فجر ورد کی جائے۔

نوٹ: ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا دوپہر 01 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کرسکتے ہیں علاوہ اتوار

0300-6351192

گلزار نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ لاہور۔ 0300-4551488

قسط 44 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم قارئین کرام! گزشتہ قسط میں ایک مجبور اور لاچار بے کس شخص کی آپ بیتی اور اُس پر ہونے والی پُر اسرار جادو کے حملوں اور جادوگروں کے چُنگل میں پھنس جانے کا واقع شائع کیا گیا اسی سلسلہ کو مزید بڑھاتے ہوئے اس ماہ کی قسط شروع کی جا رہی ہے اُن تمام دوستوں اور روحانی قارئین کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے اس سلسلہ کو بے حد پسند فرمایا مگر وقت بے وقت فون کالز سے بندہ احقر العباد ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ کی ریاضت اور روحانی اوراد میں خلل آ جاتا ہے لہذا کوشش کی جائے کہ صرف اور صرف دفتری اوقات میں یعنی صبح 10 تا 01 بجے دوپہر رابطہ کیا جائے تا کہ آپ لوگوں کی روحانی خدمت بھرپور طریقہ سے کر سکیں۔ گزشتہ روحانی واقعہ کو مزید بڑھاتے ہیں۔

اکرم نے اپنا واقعہ بتاتے ہوئے جذباتی ہو گیا اور اُس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ اس نے اپنے آپ کو کچھ سنبھالنے کی کوشش کی۔

شاہ صاحب، صبح میں اُٹھ کر سیدھا بابا کمالے کے پاس گیا اور اُسے رات والی پوری بات تفصیل سے بتائی۔

میں نے کہا ناں تھا کہ دیکھ اب تماشے دکھاتا ہوں۔ ابھی یہ میں نے شروع کیا ہے آگے دیکھیو ان کے ساتھ میں کرتا کیا ہوں؟ بابا کمالے نے تکبرانا انداز میں کہا!

بابا مجھے تو ڈر سا لگ رہا ہے کیونکہ وہ ابھی اپنے سائیں جی کے پاس جانے کیلئے نکلے ہیں۔ ہو نہ ہو اُسے لازمی پتہ چل جائیگا کہ یہ سب کچھ میں نے کروایا ہے پھر وہ پہلے سے زیادہ میرا دشمن ہو جائیگا۔ میں نے ڈرتے ہوئے بابا کمالے سے کہا۔

تو فکر نہ کر وہ سائیں جی تو کیا اُس کی نسلوں کو بھی پتہ نہیں چلے گا کہ یہ کام تیری طرف سے ہوا ہے میں ابھی بیٹھ کچھ کرتا ہوں تو ایک کام کر مجھے تین کچے ناریل، تین تانبہ کے دیوے (چراغ) 21 گج کالا کپڑا، کڑوا تیل اُدھ سیر لا کر دے۔ پھر بابے کمالے کا کمال دیکھ۔

بابا جی صبح کے ساڑھے نو بجے ہیں مجھے کہاں سے ملیں گے ناریل اور تانبے کے چراغ، کالا کپڑا اور تیل میں نے بابا کمالے کو جواب دیا۔

اچھا بات سُن، تجھے آیت الکرسی آوے ہے وہ پڑھ 11 دفعہ اپنے اوپر پھونک لے میں اپنے کمرہ میں جا رہا ہوں جب تک باہر نہ آؤں تو نے جانا نہیں بابا کمالے نے اپنے پرانے سے صندوق سے عجیب وغریب قسم کا سامان نکالتے ہوئے کہا جو میں دیکھ سکا اس نے ایک انسانی بڑی ہڈی، کھوپڑی تین کالے گولے ایک سیاہ کپڑے میں لپیٹے اور ساتھ اندھیری کوٹھڑی میں چلا گیا۔

وقت گزرتا گیا اور میں باہر بیٹھا مسلسل آیت الکرسی کا ورد کرتا رہا۔

دن کے گیارہ بج گئے میرا دل گھبرانے لگا کہ اُسے اندر گئے ہوئے ڈیڑھ گھنٹہ ہو چکا ہے۔ مگر ابھی تک کوئی پتہ نہیں 12 پھر ساڑھے 12 بج گئے۔ ایسا لگا جیسا کہ سیاہ رنگ کا دھواں دروازے کے اندر سے باہر نکل رہا ہے۔ میں نے کچھ دھیمی آواز سے آیت الکرسی کا ورد شروع کر دیا یہ دھواں بڑھتا گیا میں اُس کچے مکان سے نکل کر باہر کی طرف آ گیا لیکن آیت الکرسی کا ورد نہ چھوڑا۔ گھبراہٹ اور خوف میں مسلسل اضافہ ہو رہا تھا۔ 03:45 ہو گئے میرے صبر کی انتہا ہو گئی۔ ہمت کر کے اس مکان میں داخل ہوا جہاں بابا کمالا رہتا تھا اندر کوٹھڑی کا دروازہ بجایا مگر کوئی آواز نہ آئی۔ بڑی حیران اور پریشان کُن بات تھی۔ اب شام کے 6 بج گئے بے چینی مزید بڑھ گئی اپنے گھر آ گیا۔ میری بیوی اور بچے شام 5 بجے واپس آ چکے تھے۔ دبے پاؤں سے حالات کا جائزہ لیا تو وہ بہت خوش لگ رہے تھے۔ یاسر بھی ان کے ہمراہ تھا۔

کمرہ میں آنے کے بعد نوافل، حفاظت کے وظیفے پڑھنا شروع کر دیئے پوری رات جائے نماز سے نہ اُٹھا عجیب وغریب خیالات آ رہے تھے۔ اگلی صبح اُٹھ کر میں سیدھا بابا کمالے کے پاس گیا دور سے دیکھا تو اُسکے گھر کے باہر لوگوں کا ہجوم تھا۔ قریب جا کر پوچھا تو پتہ چلا کہ بابا کمالا مر گیا ہے۔ میرے پاؤں تلے زمین نکل گئی۔

شاہ صاحب، میں کیا کروں کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی؟ اب میں سیدھا آپ کے پاس آیا ہوں۔

مجھے لگتا ہے کہ وہ مجھے بھی ماردیں گے ضرور انہوں نے ہی بابا کمالے کو مارا ہے میں رات بھر پریشانی کی حالت میں رہا تین دن سے صحیح طرح سویا بھی نہیں اکرم کی آنکھوں سے مسلسل آنسو بہہ رہے تھے۔ اس کے چہرے سے خوف نمایاں تھا۔

تم پریشان نہ ہوں سب سے بڑی ذات اللہ کی ہے اُس سے بڑا کوئی قوی قابض اور قہار نہیں اُس ذات کا اسم مذل اور منتقم بھی ہے۔ شیطانی قوتوں کو اُسی ذات نے طاقت دی ہے وہ قادر کریم ہے ان شاء اللہ بہت جلد تمہیں ان جادوئی قوتوں سے نجات مل جائیگی۔ اکرم کو حوصلہ دیتے ہوئے کہا!

پھر اپنے حجرہ خاص میں بندہ احقر نے سورۃ مزمل کا ورد کرنا شروع کیا تو اس دوران بہت سے روحانی انکشافات ہوئے دشمن بلاشبہ مغرور اور طاقتور تھا۔ ایسے لوگوں کو سبق سکھانے کیلئے روحانی بزرگوں نے کئی قرآنی وظائف ترتیب دیئے ہیں۔ چنانچہ ایسے شیطانی ذہن رکھنے والوں کیلئے ان اعمال کا کرنا جائز قرار دیا جاتا ہے۔ سب سے پہلے حجرہ خاص میں بیٹھ کر اکرم اور اپنا حصار کیا روحانی بزرگوں سے اُس شیطانی قوت رکھنے والے شخص کو نیست و نابود کرنے کیلئے اجازت طلب کی۔

تم پریشان نہ ہوں اللہ تعالیٰ سب کچھ ٹھیک کر دیگا زندگی اور موت اُس کے ہاتھ میں ہے پھر اکرم کو سامنے بٹھا کر خاص طریقہ سے حصار کیا اس حصار میں سر پر ہاتھ رکھ کر سورۃ مزمل کا ورد 5 بار کیا جاتا ہے اور 108 بار یا حافظ یا حفیظ پڑھ کر سائل کو اللہ کی حفاظت میں دے دیا جاتا ہے۔ ایسا کرنے سے کسی حد تک یہ شخص مطمئن ہوا اب چہرہ پر وہ خوف اور دہشت نظر نہ آرہی تھی۔

اب میری بات ذرا غور سے سنو اکرم بھائی۔

اس شہر میں ایک ہندوؤں کا قبرستان ہے اس قبرستان میں ''ملتانی رام'' نام کے ایک ہندو تانترک کی ایک سمادھی ہے۔ اُسکے مرنے کے بعد اس تانترک کو یہاں پر گاڑھ دیا گیا تھا کام ذرا مشکل ہے۔ آپ کسی بھی طرح اُس سمادھی کی مٹی (مسان) بوتل میں بند کر کے میرے پاس لے آئیں۔

چند گھنٹوں بعد اکرم وہ مسان لے آیا۔ یہ ایک بہت خاص عمل ہے جس کے ذریعے کسی بھی بدروح کو حاضر کیا جاتا ہے۔ سورۃ مزمل کی تاثیر ہے کہ اس مبارک سورۃ کے ذریعے آپ کوئی بھی قوت چند منٹوں میں حاضر کر سکتے ہیں لہذا حجرہ خاص کو اچھی طرح خوشبو سے معطر کیا گیا۔ وضو غسل اور پھر وضو کے بعد دو رکعت نماز نفل برائے تسخیر بدروح ادا کی جاتی ہے اس میں پہلی رکعت میں 3 بار سورۃ مزمل اور دوسری رکعت میں 2 بار سورۃ مزمل کا ورد کیا جاتا ہے۔ نفل کی ادائیگی کے بعد سیاہ کپڑے پر اس راکھ کو ڈالا جاتا ہے۔ چاروں جانب تانبہ کے چار چراغ روشن کئے جاتے ہیں اب سورۃ مزمل اس طرح سے ورد کی جاتی ہے کہ

یا ایھا المزمل o بحق یا حاضر یا ظاھر اے بدروح ملتانی رام فوری حاضر ھو بحق قم الیل الا قلیلا o اے بدروح ملتانی رام فوری حاضر ھو بحق نصفہ اونقص منہ الا قلیلا o

اسی طرز پر سورۃ مزمل کا ورد کیا جاتا ہے۔ سورۃ مبارکہ ختم ہونے سے پہلے پہلے کسی بھی آیت پر یہ روح حاضر ہو جاتی ہے۔ ابھی اس طرز پر چند آیتیں پڑھیں تھیں کہ کمرہ میں دھواں اور زیادہ اندھیرے کا احساس ہوا۔ پھر اپنے سامنے کسی کی موجودگی کا اور جلے ہوئے جسم کی بدبو محسوس ہونے لگی۔ آیتوں کا ورد جیسے بڑھتا گیا اس جلے ہوئے جسم کی بدبو میں اضافہ ہوتا گیا۔ ایک ہیولا سیاہ رنگ کا سامنے محسوس ہوا۔ یقیناً یہ ملتانی رام کی بدروح تھی۔

اے ملتانی رام! تجھے پاک کلام کی برکت سے حاضر کیا ہے قرآن پاک کی طاقت کے سبب تو فوری طور پر اُس ظالم سائیں جی کے جسم و روح پر مسلط ہو جو کہ کسی کا گھر برباد کر رہا ہے اور جب تک حکم نہ دوں اُس پر خوف دہشت طاری کئے رکھ۔ بے شک اللہ سے بڑا کوئی جبار و قہار نہیں۔ ایسا کرتے ہوئے عام طور پر خوف اور دہشت طاری ہوتی ہے اگر دل میں ایمان کی قوت ہو تو کچھ خوف نہیں ہوتا۔ ملتانی رام کی بدروح کو حکم دینا تھا وہ اُسی لمحہ حکم کی تعمیل کرتے ہوئے غائب ہوگئی۔ بندہ احقر نے مراقبہ کی حالت میں دیکھا کہ وہ ظالم جادوگر جسے سائیں جی کے نام سے بلایا جاتا ہے اپنے چار ساتھیوں کے ہمراہ ایک بڑے تھال میں کچھ جادوئی سامان سندور، لیموں، سوئیاں، انڈے اور سیاہ پتلے رکھ کر اُن پر کچھ منتر پڑھ رہا ہے۔ سائیں جی نے اپنے گرد شیطانی حصار کیا ہوا ہے کہ کوئی طاقت اُس کے اندر داخل نہ ہو سکے بندہ احقر نے یا باسط 72 بار پڑھ کر اُسی لمحہ زمین پر 3 ضرب ماری تو پتہ چلا کہ اُس کا وہ حصار فوری ٹوٹ گیا ایسا کرتے ہی ملتانی رام تانترک کی بدروح اُس سائیں جی کے کاندھوں پر سوار ہوگئی۔ جس کے خوف سے وہ زوردار طریقہ سے چلا رہا تھا شیطانی قوتیں سائیں جی کی مدد کیلئے تگ و دو کر رہی تھیں۔ بندہ احقر کو محسوس ہوا کہ یہ شیطانی قوتیں اس کو آزاد نہ کروا دیں۔ اس لمحہ جادوگر سائیں جی کے گھر کی جانب رُخ کر کے حجرہ خاص کی اس دیوار پر پانی ہاتھ میں لے کر سورۃ الھب 8 بار ورد کی، اس دیوار پر چھڑک دیا جس کا دیوار کا رُخ سائیں جی کے گھر کی جانب تھا۔ پھر مراقبہ میں دیکھا گیا کہ وہ شیطانی قوتیں پانی گرتے ہی کوئلوں سے نکلتے ہوئے دھوئیں کی طرح ختم ہو رہی ہیں اس عمل کو دو بار مزید کیا گیا

ملتانی رام تانترک کی بدروح اُس شخص کے کاندھوں پر ابھی تک مسلط تھی خوف اور دہشت سے اُس جادوگر کا برا حال تھا۔ وہ مسلسل چیخ چلا رہا تھا واضح طور پر وہ خوف اور دہشت میں مبتلا تھا۔ ابھی یہ کامیابی کی ابتداء تھی۔

(ان شاء اللہ باقی آئندہ ماہ)

شمع بک ڈپو، کشمیر بازار راولپنڈی۔ 0336-2451457 ادارہ روحانیات

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
اتوار	01		13:22 تا 14:23	مغرب	22:23 تا 23:22	جنوب

خاتمہ جادو

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں جادو کے خاتمہ کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے یعنی کوئی بھی شخص جس پر کوئی کالا یا سفلی علم ہوا ہو اور وہ شخص مسلسل ناکامی مایوسی کا شکار ہو کہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی اس جادو کا توڑ نہ ہو رہا ہو۔

عمل) اس نظر میں سفید چینی کی پلیٹ پر مع تعوذ و تکبیر' آخری دو قل لکھیں زعفران کی سیاہی استعمال کریں اور آب زمزم سے اس پلیٹ کے نقش کو دھو کر بوتل میں محفوظ کرلیں اس پانی کو 14 روز بلاناغہ اذان عصر استعمال کریں پانی پینے کا طریقہ اس طرح ہو کہ **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ اللہ اکبر** اور اس کے بعد آخری دو سورۃ مبارکہ (سورۃ الفلق' سورۃ الناس) پڑھ کر پھونک دیں پہلا گھونٹ پینے کے بعد 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور دوسرا گھونٹ پینے کے بعد پھر 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پر بھی 3 بار تعوذ اور تکبیر کا ورد کریں اس پانی کو مسلسل 14 روز تک استعمال کریں پانی پینے کے بعد دونوں ہاتھوں کو گیلا کرلیں اور پورے جسم پر پھیر لیں جلد ہی جادو کے اثرات ختم ہونگے عمل کے آخری دن 720 روپے کی شیرینی بچوں میں تقسیم کردیں۔ نقش بنانے کے لیے 5296 کا مربع آتشی درج بالا طریقہ کے مطابق بنا کر استعمال کریں ان شاء اللہ جلد ہی جادو کا توڑ ہوگا۔

عطارد تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	04	06:10 تا 07:12	13:22 تا 14:23	شمال مشرق	20:27 تا 21:25	شمال

خاتمہ بندش

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نحس نظر کے تحت مخالف پر بندش کاروبار ڈالنا یا اہل قلم کا قلم بند کرنا یا دشمن کی دماغی قوتوں کو بند کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے نیز دشمن پر کسی بھی قسم کا غلبہ دباؤ یا مصیبت و آفت طاری کرنے کیلئے اس وقت کی قوت سے کام لیا جاسکتا ہے لیکن یاد رہے کہ مذکورہ روحانی قرآنی عمل کے تحت موکلات و جنات سفلی اس قدر غضب ناک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بلاوجہ یا معمولی سی رنجش کی بناء پر کسی کو ناحق پریشان کرے گا تو کلام کی روحانی قوت کے تحت وہ شخص ایسی مصیبت اور پریشانی میں گرفتار ہوگا کہ تاحیات جان بخشی نہ ہوگی۔

(عمل) درج بالا ساعتوں میں سہ جانور کا کانٹا جو کہ قبل از وقت مہیا کیا گیا ہو۔ لیموں کا عرق حاصل کریں بھوج پتر یا سیاہ کپڑے پر اس عرق کی سیاہی سے اس کانٹے کو بطور قلم استعمال کریں۔

مربع آتشی خاکی چال کا 306 عدد رفتار سے بلا کٹ پُر کریں۔ نیچے مقصد تحریر کریں۔ دشمن کا پہنا ہوا کپڑا یا بال مل جائے تو وہ اُس میں لپیٹ دیں۔ اب ایک لیموں کو کاٹ کر اس کے درمیان میں سہ کانٹا پروتے ہوئے قبرستان میں دفن کردیں۔ جس شخص کے لیے درج بالا ساعت میں بدعا کی جائیگی۔ اُس پر ویسے ہی مصیبت و عذاب نازل ہوگا لیکن قارئین اس عمل کو بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔ قبل از عمل استخارہ لازمی کریں کیونکہ عمل نہایت سخت ہے استخارہ میں اجازت عمل ملے تو شوق سے کریں ورنہ دشمن کو معاف کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

(نوٹ) یہ عمل عام ہرگز نہیں صرف اہل علم کی خدمت میں اس نیت سے پیش کیا جارہا ہے کہ بوقت اشد ضرورت ظالم و جابر شخص کیلئے کیا جاسکے۔

عطارد تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	05	10:17 تا 11:18	17:28 تا 18:30	شمال	19:28 تا 20:27	مشرق

عمل شر

(مقصد عمل) یہ عمل شر ہے گزشتہ کئی بار ذکر کیا جاچکا ہے کہ عمل شر نہایت تیز اثر مگر خطرناک ہوتے ہیں ناجائز جگہ پر استعمال کئے جائیں تو اس کے نتیجہ میں خود عمل کرنے والے کو سزا بھگتنا پڑتی ہے۔ موکلات اور جنات جب تک عمل کرنے والے کو سزا نہ دیں سکون سے نہیں بیٹھتے۔

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

صرف ان حالات میں کیا جائے جہاں جائز اور اشد ضرورت ہو۔ یہ نظر سیارگان سخت ترین دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنے کے لئے ہے۔

(عمل) قبرستان سے پرانی قبر کی مٹی اُٹھائی جائے کہ بعد قبرستان کے نلکا سے پانی لے کر اس مٹی کو گوندھ کر دشمن کا ایک تصوراتی پتلا بنالیا جائے۔ اب اس پتلے کو عمل کے وقت سامنے رکھ کر 80 بار ''سورۃ الہب'' بغیر بسم اللہ اور بغیر درود کے پڑھیں اور اس پتلہ پر پھونک دیں۔ جس پر دشمن کا تصور کیا جائے اس پتلے پر سوئی کی نوک سے 80 بار حرف ''ف'' لکھا جائے اس پتلے کے سینہ پر دشمن کا نام مع والدہ لکھا جائے اب اس پتلہ کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دبا دیں۔ بعد اختتام 800 روپے کی نمکین شے بچوں میں تقسیم کریں۔ عمل سے قبل حصار لازمی لگالیں۔

زہرہ تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	07	06:02 تا 07:05	17:30 تا 18:33	جنوب مشرق	20:28 تا 21:25	جنوب مغرب

بزرگ خواتین سے دُعا

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں بزرگ خواتین سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا کروائی جاسکتی ہے یا بزرگ خواتین سے دنیاوی اور دینی فائدہ کے حصول کیلئے مدد لی جاسکتی ہے یا وہ بزرگ خواتین جو کہ اثاثہ مال وجائیداد رکھتی ہو اور کوئی شخص ان سے مالی فائدہ لینے کا خواہشمند ہو سیاروں کی اس نظر میں عمل کرسکتا ہے۔

(عمل) نیلے رنگ کے کاغذ پر دائرہ بنائیں اس دائرہ کے اطراف میں

یا اللہ یا غنی یا مغنی یا منعم بحق یغنیھم اللہ من فضلہ بحق کھیعص بحق حمعسق بحق آلر بحق المر

تحریر کریں اور درمیان میں اپنا مقصد لکھیں۔

فرض کریں کہ ایک شخص کسی بھی بزرگ عورت سے یا والدہ یا قریبی رشتہ دار خاتون سے جائیداد یا مال یا روحانی امداد چاہتا ہے تو وہ شخص اس طرح دائرہ کے درمیان اس طرح عزیمت لکھے گا۔ الٰہی بحرمت اسمائے مبارکہ وہ آیت مبارکہ حروف مقطعات فلاں بن فلاں کا دل میرے لئے اس قدر نرم کردے کہ (اپنا مقصد) فوری حل ہو بوسیلہ واسطہ **یا ایھا المزمل** ان شاءاللہ تعالیٰ چند یوم میں مقصد پورا ہوگا بشرط کہ درج بالا دعا مبارکہ مع اسم الٰہی روزانہ 313 بار اول آخر درود مزمل کے ہمراہ ورد میں رکھے۔

جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا اسم الٰہیہ وآیت مبارکہ کے اعداد ابجد قمری استخراج کر کے نام مع سائل مع والدہ + اعداد مقصد + نام فرد حصول مقصد کل اعداد برآمد کر کے مربع خالی البطن تحریر کریں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ باقی عمل ورد درج بالا طریقہ سے کریں۔

زہرہ تثلیث مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	11	12:15 تا 13:20	17:34 تا 18:38	شمال مغرب	19:34 تا 20:31	شمال مشرق

مرد و زن میں صلح

(مقصد عمل) مرد وعورت میں صلح کرانے کے لیے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبعیت اور زیادہ غصہ والے ہوں اس خاص نظر میں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) **یا رحمن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد سوا پاؤ مکھن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس عمل کی برکت سے وہ شخص مکمل طور پر صاحب عمل کے لیے مسخر ہو جائے گا۔

زہرہ مقابلہ مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
منگل	17	07:55 تا 09:00	15:28 تا 16:33	جنوب	19:37 تا 20:33	شمال مغرب

دشمن کی تباہی و بربادی

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لیے یا اُس کے کاروبار کو بند کرنے کے لیے عمل کر سکتے ہیں یاد رہے کہ معمولی رنجش کی بناء پر یہ عمل کرنے والا خود بڑی مُصیبت میں گرفتار ہو جائے گا ذیل کا وظیفہ صرف انہی حالات میں کیا جائے کہ جو شخص ناجائز مال و دولت کے سر پر غرباء اور شریف لوگوں کو بلاوجہ تنگ کرتا ہے۔

(عمل) اس وقت سے قبل ان جگہوں کی مٹی حاصل کرلیں، گدھے کے لیٹنے کی جگہ کی مٹی + عیسائی قبرستان کی مٹی + کھنڈر مکان کی مٹی + فقیر کی جھونپڑی کی مٹی + مسلمان قبرستان کی مٹی + صحرا کی ریت + خودکشی سے مرنے والے کی قبر کی مٹی کو ایک جگہ جمع کرلیا جائے اوپر دئے گئے وقت اور سمت کے مطابق 80 بار سورۃ الہب بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے پڑھی

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کرلیا جائے (ادارہ)

جائے اس مٹی کو جس شخص کو تباہ و برباد کرنا ہو اُس کے دوکان یا مکان میں ڈال دی جائے وہ شخص جلد ہی تباہ و برباد ہو جائے گا ناجائز عمل کرنے والا یا کسی کو ناحق تکلیف پہنچانے والا اس عمل کے اثر سے چند دن میں ہی خود تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔

عطارد تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	26	10:01 تا 11:07	12:12 تا 13:18	شمال مغرب	19:40 تا 20:35	شمال مشرق

خطرناک عمل شر

(مقصد عمل) یہ عمل شر ہے جو کہ نہایت تیز اثر مگر خطرناک ہوتے ہیں ناجائز جگہ پر استعمال کئے جائیں تو اس کے نتیجہ میں خود صاحب عمل کو سزا بھگتنا پڑتی ہے۔ موکلات اور جنات جب تک عمل کرنے والے کو سزا نہ دیں سکون سے نہیں بیٹھتے۔ عمل صرف اسی حالات میں کیا جائے جہاں جائز اور اشد ضرورت ہو۔ یہ عمل سخت ترین دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنے کیلئے ہے۔

(عمل) قبرستان سے ایسی قبر کی مٹی جمع کی جائے کہ بعد قبرستان کے نلکا سے پانی لے کر اس مٹی کو گوندھ کر دشمن کا ایک تصوراتی پتلا بنالیا جائے۔ اب اس پتلے کو عمل کے وقت سامنے رکھ کر 80 بار ''سورۃ الہب'' بغیر بسم اللہ اور بغیر درود کے پڑھیں اور اس پتلا پر پھونک دیں۔ جس پر دشمن کا تصور کیا جائے اس پتلے پر سوئی کی نوک سے 80 بار حرف ''ف'' لکھا جائے اس پتلے کے سینہ پر دشمن کا نام مع والدہ لکھا جائے اب اس پتلا کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دبا دیں۔ گھر واپسی پر 800 روپے کی کوئی نمکین شے بچوں میں تقسیم کریں۔ عمل سے قبل حصار لازمی لگالیں۔

شمس تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	29	05:39 تا 06:45	13:18 تا 14:24	مشرق	20:35 تا 21:29	جنوب مشرق

خاتمہ بندش روزگار

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) اس عمل میں اسم اعظم **یا باسط** 720 بار کریں اگر نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم **باسط** 72 ہیں۔ اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں۔ نقش خاکی چال اپنے پاس رکھیں۔ باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں۔ روزانہ ایک چھوہارہ لیں اور نہار منہ اس چھوہارے پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھالیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دُعا کریں۔ ان چھوہاروں کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار **یا باسط** پڑھا جائے۔ ہر قسم کی بندش ختم ہونے سے رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

شرف شمس

سیارہ شمس کو بادشاہ فلک مانا جاتا ہے یہ سیارہ عزت مال دولت جاہ و حشمت کا حاکم برج اسد کا مالک ہے جب یہ آسمان پر طلوع ہوتا ہے تو اس کی روشنی سے دیگر تمام سیارگان غروب ہو جاتے ہیں۔ سیارہ شمس کی دھات سونا، نگینہ ہیرا۔ مالک و حاکم دن اتوار ہے۔

وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے مفلسی غربت تنگ دستی کی زندگی گزار رہے ہوں اس خاص وقت میں اپنے لئے خاص الواح، طلسمات یا چراغ شمسی تیار کروا کر اپنی قسمت جگا سکتے ہیں۔ اس ماہ سیارہ شمس 08 اپریل 2018ء بروز اتوار درجہ شرف سے گریگا جب برج حمل کے 19 درجہ پر ہوتا ہے تو حالت شرف میں بہت سے فائدے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ اس دوران شمس کی وہ ساعتیں جو کہ دن کے وقت میسر آئینگی اپنے امور کو انجام دینے کیلئے مددگار ثابت ہونگی۔ رات کی ساعتیں یعنی بعد غروب آفتاب تا قبل طلوع آفتاب کی کوئی ساعت شرفی شمسی قوتوں سے کام لینے کیلئے خاص اہمیت کی حامل نہ ہے۔

اول ساعت :۔06:02 تا 07:05 رجال الغیب (جنوب مغرب)

دوئم ساعت :۔13:20 تا 14:23 رجال الغیب (جنوب مغرب)

سوئم ساعت :۔20:28 تا 21:25 رجال الغیب (مغرب)

عطارد در حمل (مستقیم)

سیارہ عطارد جو کہ جوزا اور سنبلہ کا حاکم مانا جاتا ہے۔ 23 مارچ 2018ء کو در حمل رجعت پذیر ہوا تھا اس سیارہ کی یہ رجعت 15 اپریل کو ختم ہو رہی ہے۔ عطارد کی رجعت میں اس سے منسوب تمام امور ناقص ہو گئے تھے مثلاً عدالتی اور پنچایتی فیصلے، تعلیم، عقل، علم اور قلم یعنی تحریر و تقریر سے متعلقہ شعبے کہیں نہ کہیں اپنی کمزوری کو ظاہر کرتے رہے۔ ایسے افراد جو کہ ذہنی دباؤ کا شکار ہوں یا نفسیاتی مریض ہوں یا ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہوں یا وہ افراد جن کا عزیز

واقارب سے کسی بات پر تنازع ہے ۔عطارد کی استقامت کے دوران اس کے مثبت اثرات سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔یاد رہے کہ سیارہ عطارد کی آئندہ رجعت 26 جولائی دراسد ہوگی۔اس رجعت سے قبل عطارد سے منسوب مثبت اقدام کئے جاسکتے ہیں مگر رجعت کے وقت سیارہ عطارد سے منسوب امور کرنا ناقص خیال کیا جاتا ہے۔خاص طور سے حمل' جوزا' سنبلہ اور میزانی افراد اپنے برج سے متعلقہ صدقہ دیں یا عطارد کا خاص صدقہ بروز بدھ ملے جلے اجناس دوپہر 1:30 تا 02 بجے پرندوں کو ڈال دیا کریں۔

نوٹ)استقامت عطارد کے دوران یعنی 15 اپریل تا 26 جولائی عطاردی نگینہ فیروزہ پہنا مبارک ہوگا کیونکہ اس سیارے کی استقامت صاحب نگینہ فائدہ دے گی جسے عام زبان میں کہا جاتا ہے کہ یہ نگینہ اس شخص کو راس آگیا ہے۔راس نہ آنے کی بنیادی وجہ اُسی نگینہ سے منسوب سیارہ کی رجعت' وبال یا گردش ہوتی ہے۔جس بناء پر وہ نگینہ راس نہیں آتا۔

زحل در جدی (رجعت)

سیارہ زحل 18 اپریل 2018ء 06:45 پر سیارہ زحل برج جدی میں 09.08 درجہ پر رجعت پذیر ہو رہا ہے۔سیارہ زحل کی یہ رجعت برج جدی میں 06 ستمبر 2018ء کو ختم ہوگی۔

اس دوران زحل کی تمام تر قوتیں نحس اور کمزور ہو جائیں گی۔زحل کی رجعت تمام بروج کو متاثر کرتی ہے خاص طور سے وہ افراد جو کہ زحل کی ساڑھ ستی کا شکار ہوں یا جن بروج کو زحل ترجیح یا مقابلہ کی نظر سے دیکھ رہا ہو زیادہ متاثر ہونگے۔بالخصوص برج حمل' سرطان' جدی' دلو سے متعلقہ افراد یا سیاست دان یا سیاسی جماعتیں متاثر ہونگی۔زحل کی نحوست سے بچنے کیلئے صدقہ زحل جو کہ مزمل روحانی جنتری 2018ء میں شائع کیا گیا ہے لازمی دیں۔

سیارہ زحل کی رجعت کے دوران وظائف میں کمزوری اور دین سے دوری کی حالت بھی پیدا ہو سکتی ہے۔دشمن کی جانب سے جادوئی حملوں کا خطرہ ہے۔جھوٹے مقدمات بن سکتے ہیں اور نچلے درجہ کے لوگوں سے نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔خاص طور سے ایسے افراد محتاط رہیں جو کہ اکثر و بیشتر جادو گروں اور جناتی حملوں کا شکار رہتے ہیں یا جن افراد کے خلاف حاسدین اور شر پسند لوگ سازشیں بناتے رہتے ہیں۔زحل کی رجعت یا ساڑھ ستی سے بچاؤ کیلئے ادارہ روحانیات میں لوح یا نگینہ شرف زحل تیار کی گئی ہے جو کہ ادارہ سے منگوائی جاسکتی ہے۔ادارہ میں تیار کی گئی لوح یا انگشتری شرف زحل پاس رکھنے کی برکت سے زحل کی ساڑھ ستی اور اسکی رجعت سے مکمل طور پر محفوظ ہو سکتے ہیں۔خاص وقت شرف زحل میں تیار کی گئی لوح اور انگشتری آپ کیلئے ایک مضبوط ڈھال ثابت ہوگی۔لوح اور انگشتری شرف زحل ہر شخص کیلئے فائدہ مند ثابت ہوتی ہے چاہے آپ کا تعلق کسی بھی برج سے ہو لوح شرف زحل اور انگشتری شرف زحل رکھنا مبارک ثابت ہوگا۔والدین بچوں کے بہتر مستقبل' جادوگروں' حاسدوں اور نظر بد سے بچنے کیلئے خاص طور سے یہ روحانی تبرکات تیار کروا کر اپنے پاس محفوظ رکھ سکتے ہیں تا کہ اُنکی اولاد درج بالا پریشانیوں سے محفوظ رہے اور زندگی میں کامیاب رہے۔

پلوٹو در جدی (رجعت)

سیارہ پلوٹو طاقت اور ہمت کا سیارہ مانا جاتا ہے جس برج میں یہ سیارہ موجود ہوتا ہے اُس کو طاقت دیتا ہے۔ارادوں میں پختگی اور دشمنوں سے بچاؤ کا سیارہ پلوٹو اس ماہ 22 اپریل سے برج جدی میں رجعت اختیار کر رہا ہے پلوٹو کی یہ رجعت یکم اکتوبر 2018ء تک رہیگی برج جدی سے متعلقہ افراد اس دوران انتہائی کمزور ہونگے اس برج کے علاوہ حمل' سرطان اور میزانی افراد بھی پلوٹو کی کمزوری کے اثرات سے محفوظ نہ رہ سکیں گے۔متذکرہ بالا ماہ میں کوئی بھی اہم فیصلہ کرنے سے گریز کریں اس دوران دشمنوں کی جانب سے حملے ہو سکتے ہیں۔قلب معدہ اور جگر کے امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔پلوٹو کی نحوست بے خوابی' بزدلی' کمزوری اور رعشہ کے امراض پیدا کرتی ہے۔دشمنوں کو غالب ہونے کا موقع ملتا ہے۔آپ کا تعلق خواہاں کسی بھی برج سے ہو خاص لوح پلوٹو ادارہ سے حاصل کی جاسکتی ہے جو کہ پلوٹو کے نحس اثرات سے محفوظ رکھتی ہے۔وہ افراد جنہیں اپنے جادوگر دشمنوں سے خطرہ ہو خصوصی طور پر لوح پلوٹو حاصل کریں۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

آپ بھی جانتے ہیں! محمد ابصار حیدر

نبیل مزمل! آپ کا مکمل نام کیا ہے؟ محمد ابصار حیدر (حیدری)

نبیل مزمل! آپ کس شہر میں کب پیدا ہوئے؟

ابصار حیدر! دسمبر 1986ء تلہ گنگ میں پیدا ہوا

نبیل مزمل! آپ نے کتنی تعلیم حاصل کی؟

ابصار حیدر! میں بی اے "بی ایڈ" ایم اے اردو ہوں اور اب "ایل ایل بی" پارٹ تھری کا طالب علم ہوں۔

نبیل مزمل! آپ نے کون کونسی کتابیں لکھیں؟

ابصار حیدر! پہلی کتاب 2006ء میں لکھی نام "مجرب دعائیں اور ہم"

دوسری کتاب 2009ء میں لکھی جس کا نام "مجربات حیدری مطب"

تیسری کتاب "محمدؐ و آل محمدؐ کا فیض"

چوتھی کتاب جو کہ پنجابی شاعری پر مبنی ہے جس کا نام "تیرے عشق بیماریاں لائیاں" ہے۔ جو کہ 4 ایوارڈ حاصل کر چکی ہے۔

نبیل مزمل! آپکی آنے والی تخلیقات کون کونسی ہیں؟

ابصار حیدر! ویسے تو تین کتابیں زیر طبع ہیں جن میں ایک کتاب "عملیات و تعویزات" پر مبنی ہے دوسری کتاب ناول جس کا نام "پریم نگر کا پاپی" فائنل ہو چکی ہیں۔ اور تیسری کتاب جو کہ محمدؐ و آل محمدؐ کے گھرانے کی شان میں لکھ رہا ہوں جس کا نام "پیاسا پانی" رکھا گیا ہے۔

نبیل مزمل! آپ عملیات کی دُنیا میں کیسے جلوہ گر ہوئے؟

ابصار حیدر! جہاں تک جلوہ گر ہونے کا سوال ہے تو سب سے پہلے اُس خالق اکبر کا نہایت ہی شکر گزار ہوں جس نے ہمارے گھرانے کو علم و ادب، دینی دُنیاوی نعمتوں سے نوازا اور حکمت و روحانیت کے خزانوں سے بھی نوازا۔ دراصل میرے دادا جی بھی ایک اعلیٰ پائے حکیم اور عامل تھے انہوں نے اپنی اولاد کو بھی علم و حکمت سے دور نہ رہنے دیا۔ دادا جی نے میرے والد محترم زوار حکیم محمد اشفاق حیدری صاحب کو حکمت سکھائی اور ساتھ ہی "پانی پت کرنال" کے ایک اعلیٰ اپنی مثال آپ حکیم اور نادعلیؑ اور سورۃ مزمل کے عامل حاجی یوسف صاحب کا شاگرد بنایا یہ سلسلہ جاری و ساری رہا اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی سے میرے والد محترم کو تقریباً 55 سال علم و حکمت کی دُنیا میں ہو گئے جب میں تیسری جماعت کا طالب علم تھا تب سے اُن کے ساتھ پریکٹس کر رہا ہوں جو کہ تا حال جاری ہے۔

نبیل مزمل! ہماری معلومات کے مطابق آپ کی ایک پھوپھو جو کہ ٹیچر تھیں وہ بھی بہت عمدہ اور اعلیٰ عاملہ تھیں؟

ابصار حیدر! جی آپ کی معلومات کو بھی سلام میری پھوپھو جو کہ اب اس دُنیا میں نہیں وہ بہت ہی زبردست ماہر عملیات کے ساتھ ساتھ پامسٹری میں بھی اپنی مثال آپ تھیں عملیات کی دُنیا میں اُن کا ہاتھ شروع سے میرے سر پر رہا انہوں نے اسماء الحسنیٰ اور اعداد پر مجھے بہت محنت کروائی۔

نبیل مزمل! آپکو کھانے پینے میں کیا پسند ہے؟

ابصار حیدر! کسی کا دماغ کھانے میں پسند نہیں اور غصہ پینے میں پسند ہے اگر وضاحت کروں تو بات بامعنی اور جامع پسند ہے۔ کئی لوگ باتوں کی کھچڑی بناتے ہی رہتے ہیں اور جہاں تک غصہ پینے کا کہا اس سے مراد ہے کہ (فرمان معصومؑ) غصہ حرام ہے اور اسے پی جانا اللہ تعالیٰ کی مرضی اور خوشی کا سبب بنتا ہے۔

نبیل مزمل! کیا علم روحانیت میں کسی کی رہنمائی ضروری ہے؟

ابصار حیدر! دیکھیں کوئی کام ہے تو اُس کیلئے کسی نہ کسی رہنما یا استاد کی ضرورت ہوتی ہے اور روحانیت ایک بے کراں سمندر ہے اگر رہنما/استاد یا مرشد کامل کا ہاتھ سر پر نہ ہو تو اُسکی مثال ایسے ہی ہے جیسے کسی نو آموز کو طغیانی آئے دریا میں جان بوجھ کر دھکا دیا جائے اور علم بھی ہو کہ اسے پانی میں تیرنا نہیں آتا اور وہ ڈوب جائے میری مراد ہے کہ رہنما کے بغیر کسی کو چلہ کشی وغیرہ میں ڈال دینا اُسے قتل کرنے کے مترادف ہے بے شک وہی خالق و مالک کُل ہے۔

نبیل مزمل! آپکے اساتذہ میں کون کون سے نام ہیں؟

ابصار حیدر! میرے اساتذہ کے ناموں میں والد محترم حکیم اشفاق حیدر صاحب۔ میری پھوپھو جو کہ اب (مرحومہ) ہیں ان کے علاوہ میرے بہت ہی اچھے دوست اور بھائی رحیم یار خان سے سجاد احمد چشتی صاحب، علامہ سید رضی عباس شاہ صاحب مدفن "کربلا معلیٰ" سید صابر حسین شاہ صاحب، سید اقبال حیدر شاہ صاحب (مرحوم) اور جناب سید ثقلین جین شاہ صاحب شامل ہیں جن کی وقتاً فوقتاً راہنمائی حاصل رہی۔

نبیل مزمل! آپ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے ساتھ کتنے عرصہ سے

منسلک ہیں اور کیوں؟

ابصار حیدر! اکثر کیوں سے مراد جھگڑا تصور کیا جاتا ہے مگر یہاں کیوں بہت ہی بامعنی جملہ میں استعمال ہوا۔ دیکھیں دُنیا میں محبت اور اچھا اخلاق ہی فاتح ہے یہ فاتح عالم ہے۔

میرے نہایت عزت مآب جناب بھائی نمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب بہت ہی قابل اور انتھک محنتی انسان ہیں ان جیسے لوگ ہمارا اثاثہ ہیں مجھے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات سے باقاعدہ منسلک ہوئے 8 سال ہو گئے۔ 2013ء میں بھائی محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے مجھے مجلس مشاورات کا ممبر بنا دیا۔ ''ہاں'' ان کی محبتوں کے ساتھ ساتھ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں اعلیٰ تحریریں لکھنے پڑھنے کو ملتی ہیں جن سے علم کی طلب کرنے والا ہر انسان منسلک ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اپنی مثال بھی بالکل ایسے ہی ہے ''روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات'' ایک اعلیٰ اور لاجواب ماہنامہ ہے۔

نبیل مزمل! آپ کو علم ہے ناں میں انٹرویو کا سلسلہ کیوں اور کس کے کہنے پر شروع کیا گیا؟

ابصار حیدر! دیکھیں میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے ہر قاری اور ہر لکھاری کو عزت و مان سے دیکھتے ہیں یہی اُن کی کامیابی کا راز ہے تبھی یہ کارواں چلتا جا رہا ہے۔ میں اُنکا ممنون ہوں کہ انہوں نے میری اس تجویز کو قدر کی نگاہ سے دیکھا اور انٹرویو کا یہ سلسلہ شروع کیا۔

میری یہ تجویز صرف اور صرف اس لئے تھی کہ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات اجعفریہ جنتری امزمل روحانی جنتری وہ باغ ہیں جن میں ہم جیسے ہر لکھاری مانند پھول تحریر کی شکل میں اپنی خوشبو بکھیر رہا ہے مگر ہم میں سے چند ایک روحانی قلم کار، روحانی معالجین دوست ایک دوسرے کو جانتے ہیں۔ جب جانیں گے نہیں ایک دوسرے کو تو ایک دوسرے کی سوچ سے کیسے واقف ہونگے۔

نبیل مزمل! روحانی قلم کار دوست سے کوئی گلہ شکوہ ہو تو بیان کریں؟

ویسے تو گلہ نہیں مگر گزارش ہے کہ اگر کوئی روحانی دوست آپ کا مضمون پڑھ کر آپ کو خط یا فون یا ایس ایم ایس کرتا ہے تو اُسے برائے مہربانی وقت دیں۔ ایسا نہیں کہ ایک بار بات کر کے پھر اپنے روحانی دوست کا فون سُنیں ہی نہیں یا ایس ایم ایس پر ہی وقت دیتے رہیں کہ فلاں وقت پر بات ہوگی۔ اکثر روحانی دوست تو ایس ایم ایس تو کیا فون ہی بند کر دیتے ہیں عام انسان یا قاری سمجھ کر اُسکی بات سننی چاہیے کہ تاکہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ تاکہ لوگوں کے مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ علمی و روحانی تبادلہ خیال بھی ہوتا رہے۔

نبیل مزمل! عملیات کی کتنی اقسام اور کون سے گروہ بندی کی جاتی ہے؟

عملیات میں تین قسم کی گروہ بندی ہے۔

1:۔ نورانی عملیات 2:۔ علوی عملیات 3:۔ سفلی عملیات

نبیل مزمل! دیواری اشتہارات شعبدہ بازوں کے متعلق کیا کہیں گے جو کہ اپنے آپ کو روحانیت کا ممبہ یا کالے پیلے علم کا افلاطون سمجھتے ہیں ان لوگوں کو صاحب روحانیت کہنا روحانیت کی بے ادبی اور توہین ہے؟

ابصار حیدر! سانچ کو آنچ نہیں ہوتی۔ دیواری اشتہارات کی دُنیا کے شعبدہ بازوں بارے میں یہی کہونگا کہ روحانیت وہ طاقت ہے جو کہ ضرورت مند کو خود بخود صاحب عمل کے پاس لے آتی ہے۔ صاحب عمل کو اشتہارات کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی باقی محمدؐ و آل محمدؐ کا خالق ہی دلوں کے راز بہتر جانتا ہے۔

نبیل مزمل! معاشرے کی بدامنی' گھریلو لڑائی جھگڑے بے سکونی کے حل کیلئے کوئی تجویز؟

ابصار حیدر! اگر ہندو بتوں کی پوجا کر کے پختہ یقین پر پتھروں سے مانگتے ہیں تو کیا وہ بُت اُن کے مسائل کا حل کرتے ہیں؟

''ہرگز نہیں'' بے شک وہ خالق کائنات ہی ہر خاص و عام چرند پرند کا پالن ہار ہے ہم قرآن وسنت احادیث اور فرامین ائمہؑ سے کیوں دور ہیں؟

تمام مسائل کا حل اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہو کر دُعا مانگنا ہے کیونکہ دُعا ہی مومن کا ہتھیار ہے ہمیں چاہیے کہ ہم اُسکے ساتھ جڑ جائیں ہمیں کوئی روحانی وجسمانی مسئلہ لاحق نہیں ہوگا۔

نبیل مزمل! کیا روحانی معالج کیلئے ابجد اور تعویزات کا جاننا اور سمجھنا ضروری ہے یا نہیں؟

ابصار حیدر! روحانی معالج کیلئے ابجد اور تعویزات کا جاننا اور سمجھنا ضروری نہیں بلکہ بہت ہی ضروری ہے میں تو کہوں گا کہ اگر صاحب عمل کو ابجد کا علم نہیں تو اُسکی مثال ایسے ہی ہے کوئی بندہ جان بوجھ کر پانی کو لکڑی پر مٹی کا تیل سمجھ کر ڈالے اور پھر اُسے آگ لگاتا رہے۔

کسی بزرگ نے کیا خوب کہا تھا کہ ابجد کے بغیر روحانی معالج ایسے ہے کہ جیسے کسی گائیک کو راگ تو کئی آتے ہوں مگر گانا ایک بھی نہیں تو وہ گائیک اپنی عقل کا علاج کرے۔

نبیل مزمل! کوئی پیغام قارئین یعنی (اپنے چاہنے والوں کیلئے؟

ابصار حیدر! یہ ملک پاکستان امن کا گہوارہ ہے اسے مذہبی و سیاسی اور گھریلو لڑائی جھگڑوں کی گرم ترین اور نفرت بھری ہوا سے محفوظ رکھنے کی بھرپور کوشش کریں تاکہ ملکی موسم ایسے ماحولیاتی آلودہ جھمیلوں سے محفوظ رہے اور مسکراہٹیں قائم ودائم رہیں۔

جادوگروں کی اقسام

تحریر
رضوان حسین شاہ
(ملتان)

قارئین کرام! جادو سے متاثر افراد کی تعداد دُنیا میں کم نہیں ہر مذہب میں جادو کیا جاتا ہے۔ شاید ہی دُنیا میں کوئی ایسا مذہب ہو جو کہ جادو پر یقین نہ رکھتا ہو۔ کئی ملکوں میں جادوگروں پر سخت ممانعت ہے یہاں تک کہ جادو کرنے پر موت کی سزا بھی دی جاتی ہے۔ یورپ ہو یا افریقہ، ایشیا ہو یا خلیج ہر خطہ زمین پر مختلف قسم کے جادوگر موجود ہوتے ہیں جن میں سے بیشتر چند روپوں کی خاطر انسانوں کو تکلیف پہنچاتے ہیں قرآن حکیم فرقان مجید اللہ کا نازل کردہ وہ کلام ہے جس کے ذریعے بڑے سے بڑے جادوگر کو مات دی جاسکتی ہے۔ جہاں آدم وہاں شیطان بھی پیدا کیا۔ نبی رحمتؐ دُنیا میں آئے تو ابوجہل بھی آیا۔ موسیٰؑ آئے تو فرعون بھی آیا۔ یعنی ایک مثبت ہے تو اُس کے ساتھ اللہ نے منفی بھی پیدا کئے تاکہ مثبت کی پہچان ہو سکے۔ بھٹکے ہوئے انسانوں کو زیادہ لذت شیطانی کاموں میں آتی ہے اسی لئے ایسے لوگوں کی اکثریت زیادہ ہے اور پھر جو لوگ حد سے گزر جاتے ہیں اللہ تعالیٰ کا عذاب بھی اُن پر نازل ہوتا ہے۔ بستیاں اور ملک صفحہ ہستی سے مٹا دیئے جاتے ہیں۔ قوم عاد و ثمود کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ قرآن پاک میں مفصل طور پر اس قوم کا ذکر ہے۔ اسی طرح کئی اقوام کی سرکشی کو قرآن میں بڑے واضح طریقہ سے بیان فرمایا ہے۔ جیسا کہ بنی اسرائیل کا ذکر کئی بار قرآن پاک میں آیا ہے۔ اب بھی دُنیا میں جادوگر موجود ہیں جو کہ اپنی گندی سوچ کا استعمال کر کے انسانیت کو مصیبت اور پریشانی میں مبتلا کرتے ہیں۔ گزشتہ برس بھی کالے جادو پر روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں مضمون شائع کروا چکا ہوں۔ سال 2018ء کیلئے ایک خاص مضمون کے ساتھ دوستوں کی خدمت میں پھر حاضر ہوں۔ اُمید کرتا ہوں کہ قارئین کو میری یہ کاوش پسند آئے گی۔

جادوگروں کی 5 اقسام اور پہچان

پہلی قسم کا جادوگر اپنے کسی بھی مخالف کا آٹے، مٹی یا کالی ماش کی دال کا پُتلا بنا کر اس میں سوئی چبھوتے ہیں منتر پڑھ کر دیوی دیوتا کو بلاتے ہیں اور اُن سے مدد لیتے ہیں۔ دیوی دیوتا کے بھجن اور خوشامدی گیت گاتے ہیں۔ جسکو کسی مصیبت میں مبتلا کرنا ہوتا ہے اُس کے مکان میں موقع پا کر دفن کر دیتے ہیں متاثرہ مریض بے چارہ ایسی حالت میں رات دن رہتا ہے کہ جسم میں خارش، خارچھتی اور چیونٹیاں جیسی چلا کرتی ہیں تمام بدن میں آگ جیسی بھری رہتی ہے مریض اسی میں چل بستا ہے۔ کسی بے بس یا بے گناہ انسان پر ایسا کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں قرآنی اعمال سے ظالم کو سزا دینے کیلئے وظائف شائع کئے جاتے ہیں۔

دوسری قسم کا جادوگر اس طرح ہے کہ ایک کڑیل مٹی کا جس کو ٹھیکری بھی کہتے ہیں لے جاتی ہے اور اس میں پھول، پتاشے، لیموں، پان پتہ، الائچی، لونگ کے ساتھ دشمن کا پتلہ بنا کر اور اس سیاہ پتلہ میں سوئیاں چبھو کر مٹی کی ہنڈیا میں بند کر دیا جاتا ہے اس دوران شیطانی خوشامد کے گیت گائے جاتے ہیں یا دیوی دیوتاؤں اور کالی طاقتوں کے منتر پڑھے جاتے ہیں۔ اس مٹی کی ہنڈیا پر کڑوے تیل کا چراغ جلا کر پانی میں چھوڑ دیا جاتا ہے یہ تمام عمل اندھیری راتوں میں کیا جاتا ہے کالے کپڑے پہن کر گندی حالت میں قبرستان یا مسان کی خاک سر میں ڈال کر جادوگر یہ کام کرتے ہیں۔ جس شخص پر یہ جادو کیا جاتا ہے ایسے متاثرہ کو ہر وقت یہ معلوم ہوتا ہے کہ میں پانی میں بہہ رہا ہوں۔ میرا دل ڈوب رہا ہے اور جسم میرا ایسا ہو رہا ہے جیسے برف اور سردی سے بدن کانپتا ہے۔ دل اور دماغ میں سوئیاں چبھتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔ پاکستان میں بھی اس قسم کے جادوگر ہیں لیکن اُنکی تعداد بہت کم ہیں اس عمل کے دعویدار تو کئی مل جائیں گے مگر حقیقت یہ ہے کہ اب تک میں صرف انگلیوں پر گنے چُنے لوگوں کو اس عمل کی قوت استعمال کرتے ہوئے دیکھا ہے یقیناً ایسے لوگ جہنمی ہیں۔ نا تو اُن کو دُنیا میں کامیابی ملتی ہے اور آخرت میں ذلت اور رسوائی ایسے لوگوں کا مقدر بنتی ہے۔

تیسری قسم کا جادوگر دیوالی و دسہرہ کی یہ راتیں بیر و مسان اور بھیرو اور ہنومان وغیرہ کے جگانے اور ان کو اپنے قبضہ میں لانے کی ہوا کرتی ہیں۔ ان راتوں میں ان کی آمد و رفت بہت ہوتی ہے ایسے لوگ جو جادو سحر کیا کرتے ہیں وہ ان کی دعوت کرتے ان کو بلاتے ہیں اور پھر اُن سے سال

بھر کام لیا کرتے ہیں۔ ہندو عقیدہ کے مطابق ان کی جھپٹ میں جو کوئی انسان خواہ مرد ہو یا عورت یا کوئی بچہ آ جاتا ہے تو وہ دکھ تکلیف میں مبتلا رہا کرتا ہے۔ کسی ہندو تانترک کا کوئی دشمن ہو یا کوئی بھی شخص ایسے پراسرار طاقتوں والے شخص سے مل کر اپنے دشمنوں پر یہ طاقتیں مسلط کروا دیتے ہیں۔ جادوگر خود اپنے علم کو تازہ کرنے کیلئے بھی ان معصوم لوگوں کو ہلاک کر دیا کرتے ہیں اگر ان جادوگروں کا کوئی دشمن نہیں ہوتا تو کسی درخت پر موٹھ چلاتے ہیں وہ ہرا بھرا درخت جلد خشک ہو جاتا ہے اور کوئی دنیا کا اندھا اپنے تھوڑے فائدے کی خاطر دوسروں کو اتنا نقصان پہنچا دیتا ہے کہ اس کو مار ڈالنا چاہیے تو وہ ایسے شخصوں کے پاس پہنچتا ہے اور اُن سے اس کے مار ڈالنے کی خواہش ظاہر کرتا ہے۔ یہ اپنے تھوڑے لالچ میں روپیہ پیسہ لینے کے عوض دوسرے کی قیمتی جان کو موت کے گھاٹ اتار دیتے ہیں اور اس کے لئے یہ ترکیب کی جاتی ہے کہ وہ چوکی اڑاتے ہیں اور اس میں کچھ میعاد مقرر کرتے ہیں کہ اُس کے اندر وہ شخص جس پر جادو کیا ہے ان دنوں تک دُکھ تکلیف اٹھا کر مر جاتا ہے وہ چوکی یہ کہلاتی ہے کہ مٹی کے گھڑے کو توڑ کر ٹھیکری کڑیل جیسا لیتے، اس میں پُتلہ وغیرہ رکھتے، چراغ جلاتے اور اپنے دیوتاؤں کو بلاتے، ان کے ذریعے اُن کو اڑاتے ہیں اور اس دشمن کے مکان تک پہنچاتے ہیں۔ اگر وہ کہیں راستہ وغیرہ میں ہوتا ہے تو اس پر گرتی ہے اور اُس کے اڑانے اور پہنچنے کے وقت مکان میں ہوتا ہے تو مکان کی چھت یا صحن وغیرہ میں گرتی اور ٹوٹتی ہے۔ اسی روز سے کہیں بدن میں درد ہوتا ہے یا کلیجہ پر تکیہ جیسی معلوم ہوتی ہے خون منہ یا پاخانہ کی رستہ آتا ہے ہر وقت جسم میں آگ سی لگی رہتی ہے۔ یہاں تک کہ مریض مر جاتا ہے۔

اس قسم کے جادوگر اکثر اندرون سندھ اور ہندوستان میں پائے جاتے ہیں۔ گندی قسم کے ہندو یا نچلی ذات کے ہندو اس کام کو انجام دیتے ہیں جنہیں عام طور پر چوڑا چمار کہا جاتا ہے۔ ویسے بھی غیر اللہ سے مدد مانگنا شرک کبیرہ ہے مسلمان اس قسم کی حرکتوں اور اعمال بارے سوچ بھی نہیں سکتا ورنہ وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو جائیگا۔ ایسے ظالم جادوگروں پر لعنت بھیج کر اللہ سے توبہ استغفار کرنی چاہیے۔

چوتھی قسم کے جادوگر وہ ہوتے ہیں کہ جو کسی کھلانے پلانے کی چیز پر اپنے منتر تنتر پڑھتے ہیں خاص کر ثابت لونگ کے جوڑے پر جادو کر کے کسی کھانے وغیرہ میں کھلا دیتے ہیں تو وہ کھانے والا اپنے آپ کو مردہ جانا کرتا ہے اس کے دل پر یہ ہی ذہن نشین ہو جاتا ہے کہ تو مر جائے گا۔ یا کوئی ایسی بیماری لاعلاج رہنے لگے گی کہ کوئی دوا مفید ثابت نہ ہوگی۔ اس قسم میں جادوگر اپنے مخالف کو وہم اور وسوسے میں مبتلا کرتا ہے۔ جادوگر اپنے مخالف کے بالوں پر بھی گرہیں لگا کر اپنے مقصد میں کامیاب ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ جس وجہ سے جادوگر کا مخالف مختلف قسم کا امراض یا وسواس میں مبتلا ہو جاتا ہے اس طرح کے جادوگر یہود و نصاریٰ میں مشہور ہیں آپؐ پر بھی اسی قسم کا جادو کیا گیا تھا جس کا توڑ قرآن پاک میں سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کے ورد سے ممکن ہوا۔ موجودہ وقت میں بھی روحانی معالجین قرآن پاک کی ان بابرکت سورۃ مبارکہ سے مدد لیتے ہیں اور بڑے سے بڑے جادوگر کو قرآن پاک کے ان اعمال سے منہ کی کھانا پڑتی ہے۔

پانچویں قسم اُن جادوگروں کی ہے جو کہ اپنے منتر سے کالی دیوی، لونا چماری یا اور اپنے کسی بیر مسان کے ذریعہ اپنے دشمن کو نقصان پہنچاتے ہیں اس قسم کے جادوگر اپنے مخالف کے رزق روزی میں رکاوٹ ڈالتے ہیں مختلف قسم کے امراض مسلط کرتے ہیں۔ اولاد کی بندش یا نکاح کو باندھ دیتے ہیں۔ دیوی دیوتاؤں کی پوجا پاٹ کرنے کے بعد تصوراتی طور پر اپنے دشمن پر انکو مسلط کر دیا جاتا ہے۔ ان جادوگروں کا مقصد صرف اور صرف اپنے دشمن کو نقصان پہنچانا ہے چاہے یہ نقصان جسمانی ہو یا مالی۔ ان جادوگروں کی سوچ ایسی ہوتی ہے کہ فلاں شخص فلاں کے بیٹے یا فلاں کی بیٹی کو ایسی بیماری، دکھ درد رنج مصیبت پیدا ہو کہ اسی میں اس کی جان جاتی رہے وہ بیچارہ جس پر جادو کیا ہے کہیں اس کے کندھے بھاری رہتے ہیں کبھی اس کی پیٹھ کے اوپر دونوں شانوں کے درمیان درد ہوتا یا بوجھ سا رکھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ یا خواب میں جھٹکے لگتے ہیں۔ دل کمزور ہو جاتا ہے خود بخود رونے کو جی چاہتا ہے اپنے آپ کو بے بس لاچار اور مجبور محسوس کرتا ہے۔ نماز روزہ اور دین کی طرف توجہ بالکل نہیں ہوتی۔ کوئی بھی بات اچھی نہیں لگتی۔ راتوں کی نیند ختم ہو جاتی ہے۔ ہر سوچ میں منفی رویہ ظاہر ہوتا ہے خدشات بے انتہا بڑھ جاتے ہیں۔ خواب میں جوگی و بیر، بندر و لنگور اور خوفناک شکلیں نظر آیا کرتی ہیں۔ تشخیص پوری نہ ہونے اور علاج کسی ماہر فن اور طبیب حاذق اور کامل ولی اللہ سے نہ کرایا جائے تو ایک نہ ایک دن ہلاک ہو جاتا ہے۔ اس قسم کے جادو میں مبتلا فرد چلتی پھرتی لاش کی طرح سے ہوتا ہے اس مصیبت، پریشانی اور جادو سے نکلنے کیلئے وہ جو بھی کوشش کرتا ہے اس کی اس کوشش کے درمیان رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اہل خانہ سے نفرت لڑائی جھگڑا پیدا ہو جاتا ہے۔ رزق روزی سے برکت اُٹھ جاتی ہے۔ جسم اور طبیعت میں سستی کاہلی بہت ہوتی ہے۔ محترم قارئین کرام درج بالا تمام قسم کے جادو کا علاج ادارہ روحانیات میں قرآن پاک کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔

روح زحل

06 تا 08 اپریل

تحریر:۔ خضر عباس بیاسی (راجن پور)

تمام مومنین کو جشن مولود کعبہ ۱۳ رجب مبارک ہو۔ ہم مومنین کا مرکز و محور حُب رسول آلؐ رسول ہے۔ اپنے پڑھنے والوں کی خدمت میں اس ماہ ایک انتہائی مضمون کے ساتھ محفل میں شریک ہو رہا ہوں۔ دُعا کرتا ہوں کہ ہر مومن اور اہل ایمان کو غم حسینؑ کے سوا کوئی دوسرا غم نہ ہو۔ میری نظر میں زحل اور مریخ دو ایسے سیارے ہیں جن کا واقعہ کربلا سے گہرا تعلق ہے زحل خدائی اور مولائی سیارہ ہے جس کا رنگ سیاہ ہے اور ایک مومن کی زندگی میں سیاہ رنگ کا کتنا عمل دخل ہے یہ اُس کے دل میں جھانک کر دیکھنے سے پتہ چلتا ہے مریخ جنگ و جدل کا حامل سیارہ ہے۔ سرخ رنگ لئے مریخ اپنے نیزہ کے نشان کے ساتھ موجود ہوتا ہے۔ مردانہ ہمت اور طاقت اور بہادری کا سیارہ 9 عدد کی قوت لے کر بہتر کے ساتھ کھڑا ہے جس کا مفرد بھی 9 ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں ہمیشہ انسان کے گرد منڈلاتی رہتی ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جا سکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جا سکتا ہے یہ مناسب اسباب اختیار کرنا محض ذاتی مفاد کے لئے ہوتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے کیونکہ اس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے ہیں اور علم بھی دیا ہے۔ محترم قارئین اس ماہ زحل سیارہ 18 اپریل کو رجعت پذیر ہو رہا ہے زحل کی یہ رجعت 4 ماہ 10 دن تک رہیگی اس دوران یہ بادشاہ کو بھی فقیر بنا دیتا ہے۔ زحل کی ساڑھ ستی اور رجعت سے بچنے کیلئے اگر آپ میرے دیئے گئے مضمون پر غور کریں گے تو یقیناً فائدہ حاصل کر لیں گے۔ زحل کی تعریف و توصیف اور تعارف مختصر طور پر کروائے دیتا ہوں جس کے بعد زحل کی رجعت اور نحوست سے بچنے کیلئے اس ماہ ایک خاص وقت زہرہ زحل کی تثلیث 6 تا 08 اپریل 2018ء قائم ہو رہی ہے۔ اس پر بھی مختصر نظر ثانی ہوگی۔

سیارہ زحل: ۔ یہ نظام شمسی کا ساتواں (7واں) سیارہ ہے مشتری سے کچھ چھوٹا ہے آفتاب سے جتنا بعد مشتری تک لکھا گیا ہے اتنا ہی بعد مشتری سے زحل کو ہے۔ نو چاند اس کے مقابل دُوربین سے دکھائی دیتے ہیں۔ قطبین پر تمام کواکب سے زیادہ چپٹا ہے۔ اس کے بھی دو برج ہیں۔ ایک جدی دوسری دلو، جدی منفی خاکی برج ہے، دلو بادی اور مثبت برج ہے، اس کی رنگت مشتری سے زیادہ خوبصورت ہے۔ یہ ایسے مصالحت سے قدرت نے بنایا ہے جو تمام سیارگان سے گھنا ہے اور ہلکا اس قدر کہ پانی میں حل ہو سکتا ہے، سائنسدان کہتے ہیں کہ یہ گیسوں کا مجموعہ ہے۔ زحل میں جو خاصیت ہے وہ یہ ہے کہ اس کے گرد مختلف رنگوں کے تین باریک ہالے ہیں۔ سب سے اندرونی حلقہ کا رنگ ارغوانی ہے جو قدرے شفاف ہے۔ گویا سیارے کا گولہ اس حلقے میں دکھائی دیتا ہے۔ درمیانی حلقہ سب سے زیادہ چوڑا ہے اور باہر کا حلقہ بھی ایسا ہی روشن ہے جیسا کہ خود زحل سائنسدان خیال کرتے ہیں کہ یہ حلقے بہت چھوٹے چھوٹے ستاروں کے جُھنڈ ہیں جو زُحل کے گرد تیزی سے گھوم رہے ہیں۔ ان حلقوں کے مابین ایک گہرا تاریک طبقہ بھی حائل ہے جس کا سایہ زحل پر پڑتا ہے۔ اندرونی حلقوں کے اندر نو چاند بھی زحل کے گرد گردش کر رہے ہیں۔ سب سے بڑا قمر ٹائی ٹن (TITAN) ہے جو ہمارے قمر اور عطارد سے بھی بڑا ہے۔ یہ سولہ (16) دن میں زحل کے گرد گھوم جاتا ہے۔ ان تمام حلقوں کا سب سے بڑا قطر ایک لاکھ 73 ہزار میل ہے اور عرض 42 ہزار میل جو ٹائی حلقوں کی بہت کم غالباً پچاس میل ہے، زحل زمین سے 534 گنا بڑا ہے۔

اسماء زحل

اُردو، عربی میں زحل، فارسی میں کیوان، سنسکرت میں سنیچر، انگریزی میں سیٹرن (SATRUN)، منسوب عدد 8 ہے۔ اس کی علامات شکلی N، حرفی "ل" ہے۔

رفتار زحل

محوری گردش ڈیڑھ دن، اوسط رفتار 23 ہزار میل فی گھنٹہ، عمازہ بروج کافی سیکنڈ 596 میل دور 29½ سال۔

ایک برج کا دور: اڑھائی سال گردش کی تیزی زمین سے دوگنی ہے۔

تاثیر زحل کا نظریہ

منجمین کہتے ہیں، زحل بہت منحوس ہے، عاملان نجوم کا خیال ہے کہ جب روح کو بلند پروازی میں مشتری نے ورودی اس کے بعد وہ منزلیں طے کرنے کی جستجو ہوئی جو، جو نزدیک انسانیت اور روحانی تجربات سے

انسان پا سکتا ہے۔ اس ستارہ کی خاصیت تمام سے مختلف واقع ہوئی۔ یہ قدرتاً سرد دست ہے پابندی اور حدود میں جکڑنے کی خاصیت رکھتا ہے، کسی ترقی یا روحانی عرفان حاصل کرنے کے لئے انسان کو زحل جیسی پابندیاں عبور کرنا پڑتی ہے، راست و باطل کی تمیز اسی سے پیدا ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ سیارہ ناقص اور تکلیف دہ سمجھا جاتا ہے۔ اس کا رشتہ ان دُنیاوی تجربات سے وابستہ ہے جو صبر اور مشکلات کا تلخ سبق پڑھانے یا تجربہ سکھانے کے بعد انسان کو حاصل ہوتا ہے اور ایسے تجربات بنا روک تھام، مشکلات اور پابندیوں کے حاصل نہیں ہو سکتے، ظاہر ہے کہ مصائب ہی مصائب نظر آتے ہیں، اسی لحاظ سے زحل کو مصائب و نحوست کا علم بردار قرار دیا گیا ہے۔



طلسم جدی و خاتم عروج زحل

ستارہ زحل کے موکل کا ورد ''یا فتاح یا رزاق'' ہے۔ ان دونوں اسمائے الحسنیٰ کے ساتھ طلسم برج جدی ملا کر یہ خاتم و طلسم جدی مخصوص دھات سیسہ پر عین شرف زحل یا زہرہ زحل تسدیس یا تثلیث کے وقت ساعت زحل میں دونوں طرف سے کندہ ہوگی۔ یعنی ایک طرف طلسم جدی اور دوسری طرف خاتم عروج جو شخص چاہے کہ مجھے دن بدن ترقی حاصل ہو اور حصول مراتب، عزت و تکریم میں دن بدن اضافہ ہو تو اس شخص کے لئے یہ خاتم سریع الاثر ثابت ہوگا، تیار کرنے کے بعد اس کو سیاہ ریشمی کپڑے یا سیاہ کاربن پیپر میں لپیٹ کر اُوپر سیاہ دھاگہ لپیٹ دیں پھر سیاہ ریگزین میں سلوا کر بروز ہفتہ ساعت زُحل میں اپنے گلے میں ڈال لیں۔

شرف زحل کے بعد اُوج زحل اور کے بعد نایاب وقت زہرہ زحل تسدیس و تثلیث کا ہے اب شرف زحل 2040ء میں اور اُوج زحل 2045ء میں آئے گا اس دُنیا میں کون رہے اور کون واپس خالق کائنات کے پاس چلا جائے۔ مگر اب قسمت سے یہ خاص نظر مل رہی ہے۔ اس وقت میں ہر آدمی کیلئے تین عدد الواح تیار ہوں گی۔ یعنی بڑی لوح زہرہ زحل تثلیث ایک عدد خاتم، ایک عدد طلسم تسخیر، یہ تین الواح کا سیٹ ہر فرد کے لئے تیار ہوگا چاہے آپکا تعلق کسی بھی برج سے ہو۔ لوح زحل خالی البطن تیار ہوگی۔ یعنی آیت ''نصر من اللّٰہ و فتح قریب'' کے عدد 1302 اور آیت ''انا فتحنا لک فتحاً مبینا'' کے عدد 1233 اور آیت ''لمن الملک الیوم اللّٰہ الواحد القھار'' کے عدد 780 ہیں۔ کل اعداد تینوں آیات کے 3315 ہیں۔ ان اعداد سے نقش مثلث خالی البطن تیار ہوگا۔ مثلث کے اندر چھ اسمائے الحسنیٰ ''ھو اللہ الرحمن الرحیم الملک القدوس'' سے نقش مسدس تیار ہوگا۔ نقش مثلث اور نقش مسدس کی مخلوط لوح زحل خالی البطن تیار ہوگی۔ لوح کندہ کرتے وقت ساعت زحل کا استعمال کریں۔ مکمل ساعت زحل ادارہ سے معلوم کی جاسکتی ہے۔ اگر ایک ساعت میں کام مکمل نہ کر سکیں تو دوسری ساعت کے آنے کا انتظار کریں کیونکہ لوح کی پشت پر طلسم زحل اور دونوں موکل نقش مثلث اور نقش مسدس کندہ ہوگا۔





تیاری الواح زحل

لوح زحل سیسہ کی دھات پر کندہ ہوگی۔ سیسہ ایک انتہائی نرم دھات ہے وقت مقرر سے پہلے آپ اس لوح کی مارکنگ کر کے رکھ لیں۔ یعنی لکیریں کھینچ لیں اور وقت آنے پر ساعت زحل میں بخور زحل جلائیں سر پر سیاہ رنگ کا کپڑا باندھیں، کندہ کر کے پہلے دال ماش سیاہ ثابت کا صدقہ دیں پھر لوح کو کندہ کرنا شروع کریں۔ لوح کندہ کرنے کے بعد یہی تینوں آیات گیارہ مرتبہ پڑھ کر لوح پر دم کریں اور 313 مرتبہ انہی چھ اسمائے

الحسنیٰ کو پڑھ کر لوح پر دم کریں۔ یہ کام مکمل کرنے کے بعد لوح کو سیاہ ریشمی کپڑے میں سی کر محفوظ کر لیں اور اپنے پرس، بریف کیس وغیرہ میں محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔ طلسم تسخیر کو بھی سیاہ ریشمی کپڑے میں سی کر لوح کے پاس رکھ دیں اور خاتم عروج کو سیاہ رنگ کے ریگزین میں سلوا کر اپنے گلے میں ڈال لیں یا بازو بند بنوالیں، لوح اُوج زحل یہ ہے۔



طلسم تسخیر و محبت

طلسم تسخیر و محبت عین زہرہ زحل تثلیث کے وقت ساعت زحل میں مخصوص دھات سیسہ پر دونوں طرف سے کندہ ہوگا۔ زہرہ کا تعلق خواتین اور تسخیر محبت سے ہے اسی لئے لوح کے ایک جانب طلسم زحل اور طلسم زہرہ کندہ کیا جائیگا اور دوسری جانب خاتم تسخیر و محبت تیار کیا جائیگا۔ تیار کرنے کے بعد آپ کو اس کو سیاہ رنگ کے ریشمی کپڑے میں سی کر محفوظ جگہ پر رکھ دیں اور جب کسی اہم ترین شخصیت سے کام لینا ہو تو اس خاتم کو اپنے ساتھ لے کر جائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز آپ کامیاب لوٹیں گے۔ کندہ کرنے کے بعد اسے اپنے سامنے رکھ کر 797 مرتبہ **یا فتاح یا رزاق** کا ورد مکمل کر کے لوح پر دم کریں۔

ایک بار پھر کہوں گا کہ جو لوگ شرف یا اوج زحل کے وقت سے فائدہ نہ اُٹھا سکے ہوں اس ماہ اس خاص وقت سے ضرور فائدہ اُٹھائیں لوح تیار کرنے کیلئے ادارہ روحانیات سے رابطہ کریں۔





لوح زحل کے فوائد

(۱) وہ لوگ جن کا ذاتی عدد 8 ہے یا برتھ لکی نمبر 8 ہے یا زندگی کا حاکم برج جدی ہے اور دلو ہے۔

(۲) نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

(۳) نحوست کے بعد اسباب بنانے کیلئے لوح بے انتہا مؤثر ثابت ہوگی۔

(۴) تسلط برخلق اور استحکام کے لئے تنزلی نہ ہو۔

(۵) حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام و بقاء رہے۔

(۶) تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مجرات سے محفوظ اور مکینوں کیلئے خوشحالی رہے۔

(۷) خلقت میں نام وری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی۔

(۸) وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں ہیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت سے ملازمین کام کرتے ہوں، چاہیں کہ قیام اور غلبہ ہو یہ لوح مؤثر ہے۔

اس لوح کے ہوتے ہوئے کامیابی و کامرانی آپ کے قدم چومے گی جس کام میں بھی ہاتھ ڈالیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کو اللہ تعالیٰ کامیاب و کامران کرے گا۔ ہم تمام الواح قرآن حکیم کی آیات سے تیار کرتے ہیں۔

لوح پہننے کا طریقہ: ۔ نیلے کپڑے میں سی کر ہفتے کے دن پہلی ساعت میں یعنی سورج طلوع ہونے پر بازو پر باندھیں۔ یا لوح میں کنڈہ لگوا کر گلے میں پہنیں، پہننے سے قبل 800 روپے یا 1 کلو سیاہ ماش صدقہ کریں اور اپنے مقصد کی دعا مانگ کر استعمال میں لائیں۔ عمل جہاں سے سمجھ میں نہ آئے خط لکھ کر دریافت کر لیں۔

اگر خود تیار کرنہ کر سکتے ہوں اور دفتر سے تیار کروانا چاہیں تو ہدیہ نام معہ والدہ وقت مقررہ سے کم از کم ایک ہفتہ قبل موبی کیش یا یو بی ایل اومنی کے ذریعے پہنچ جائے۔

جناب محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی محبت اور شفقت کی وجہ سے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں میرے مضمون شائع ہوتے ہیں کیونکہ میں کوئی باقاعدہ لکھاری نہیں لیکن روحانی دوستوں کی محبت نے مجھے مسلسل لکھنے پر مجبور کیا میرے پاس جو بھی روحانی اعمال ہوتے ہیں موتیوں کی شکل میں آپ دوستوں کی خدمت میں پیش کر دیتا ہوں۔ جناب خضر عباس بیاسی صاحب نے حاضرات سے متعلق ایک سلسلہ شروع کیا ہوا ہے اس روحانی خدمت پر میں اُنہیں سلام پیش کرتا ہوں۔اللہ تعالیٰ زور قلم زیادہ کرے۔حاضرات کے موضوع پر چند خاص اعمال پیش خدمت ہیں جو دوست بھی محنت کریگا اس روحانی قوت سے فائدہ اُٹھائیگا۔

رحمانی حاضرات

یا کریم کرم کر یا رحیم رحم کر حاضرات کو حاضر کر برحمتك یا ارحم الرحمین

طریقہ: ۔کسی بچہ کو نہلا کر پاک صاف کپڑے پہنا کر عطر لگائیں کمرہ میں اگر بتیاں سلگائیں بچہ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھا کے ناخن پر کالے رنگ کی سیاہی یا کاجل لگائیں اور اس بچہ کو اس ناخن میں غور سے دیکھنے کیلئے کہیں عامل بچہ کے اوپر درج بالا عزیمت پڑھ کر پھونکتا رہے جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو جائے۔ چند بار پڑھنے کے بعد حاضرات کا نزول ہو جائیگا۔جس سے آپکو اپنے ہر جائز سوال کا جواب 100 فیصد درست مل جائیگا۔

ناسی حاضرات

قل اعوذ بالرب الناس ناس حاضرات حاضر ھو حاضر ھو حاضر ھو ملك الناس ناس ناس حاضرات حاضر ھو حاضر ھو حاضر ھو بحق ایاك نعبدوایاك نستعین

طریقہ: ۔دس یا بارہ سال کے بچہ یا بچی دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور اسے اس ناخن میں غور سے دیکھنے کیلئے کہیں عامل درج بالا آیت 21 یا 41 بار پڑھ کر بچہ پر دم کرے چند ہی لمحوں بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ بچے کے توسط سے ہر سوال کا جواب درست معلوم کر سکتے ہیں۔

شیطانی حاضرات

عزمت و اقسمت علیکم یا شیطان الا سودو یا شیطان الاصفر یا شیطان لا بیض و شیطان الا الا جفر یا شیطان الا حمر حاضرات جلد حاضر کن بحق ھاروت و ماروت

اگر بتی سلگا کر بچہ کے ناخن یا سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگا کر درج بالا عبارت 21 یا 41 بار پڑھ کر بچہ یا بچی پر دم کرتے جائیں۔ چند لمحہ بعد حاضرات کھل جائیگی جو سوال کریں گے اس کا جواب 100 فیصد درست مل جائیگا۔

نوٹ) محترم دوستوں پورا قرآن پاک اور نورانی اعمال اللہ کی رحمت اور نور سے بھرے ہوئے ہیں۔ یہ حاضرات اُن لوگوں کیلئے ہے جو کہ غیر مسلم ہوں اور شیطان کی تسخیر چاہتے ہوں۔ ضروری نہیں ہے کہ شیطان کی تعریفوں کے گُن گا کر اُسے مسخر کیا جائے۔ سخت الفاظ میں بھی شیطان کو حاضر کر کے اپنے مقصد کیلئے کام لیا جا سکتا ہے مگر غیر مسلم۔

حاضرات کرنے سے پہلے 4 عدد لڈو چند گلاب کے پھول اپنے پاس رکھیں ورنہ حاضرات نہیں کھلے گی۔

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

پشاور میں جعفر خان کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔تحفہ روحانیات، مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

اسٹار نیوز ایجنسی جعفر خان پشاور 0345-9067247

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ، ٹریفک چوک ڈیرہ غازی خان

نقش فتح نامہ

شرف شمس
تحریر:۔ حکیم حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء (کراچی)

عزیزان من السلام علیکم! شرف شمس کے ایک با قوت اور سعد ترین وقت ہوتا ہے اس وقت میں لوح "اسم اعظم "یعنی اسم ذات اللہ کی کثیر الفوائد لوح سونے یا چاندی کی تختی پر تمام شراط وقوائد کے مطابق کندہ کریں تو یہ ایک عظیم تحفہ ہوگا۔اس لوح کا حامل کردہ مقابلے میں غالب رہتا ہے۔ حادثات ومشکلات سے نجات ملتی ہے اعلیٰ حکام اور صاحب حیثیت افراد کے سامنے عزت بلند ہوتی ہے۔زندگی میں عروج کامیابی اعلیٰ پوزیشن ترقی وغیرہ کے حصول میں غیبی مدد حاصل ہوتی ہے۔انسان وقت کی سختی سے محفوظ رہتا ہے اس کے علاوہ اس وقت میں لوح شمس اسمائے الٰہی یا حی ویا قیوم سے تیار کی جاتی ہے مگر اس خاص موقع پر ایک خاص تحفہ اپنے قارئین کیلئے پیش کر رہے ہیں۔ بہت سے عاملین اور ماہرین جفر اس کی مختلف انداز میں عقد کشائی کرتے رہے ہیں۔جسے فتح نامہ کے نام سے بنایا جاتا ہے۔فتح نامہ، فوائد میں کامیابی، کاروبار نہ چلتا ہو، کاروبار میں ترقی، انعامی اسکیموں میں کامیابی، قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں، ملازمت میں ترقی یا بہتر ملازمت کا حصول گھریلو حالات کی بہتری سحر وجادو، آسیب وجنات سے نجات، دشمنوں سے بچاؤ، صحت میں بہتری، بیماری سے شفاء، شادی میں کوئی رکاوٹ کو ہو تو اس کا خاتمہ الغرض بے شمار مقاصد اس لوح فتح نامہ کے دائرہ کار میں آتے ہیں۔

اب ہم لوح فتح نامہ کی تیاری کا طریقہ سمجھاتے ہیں۔یقیناً تھوڑی سی محنت کرنا ہوگی جس نے یہ محنت کر لی سمجھ لیں کہ ایک عظیم قوت وطاقت حاصل کر لی زندگی بھر جب تک لوح فتح نامہ پاس رہے گا اس کے ہر کام میں مدد ہوگی۔اسے چاندی پر، سونے پر، تانبے پر یا پھر گولڈن کاغذ پر بنایا جاسکتا ہے۔میں عموماً کاغذ اور ہرن کی کھال پر بناتا ہوں۔آپ کو جو مناسب لگے حسب استطاعت اس پر بنائیں۔

نقش بنانے کی وضاحت

سب سے پہلے اپنے پورے نام کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کر لیں پھر اپنی والدہ کے نام کے اعداد بھی نکال لیں اس کے بعد سات پیغمبروں کے نام لیں اور ان کے اعداد بھی حاصل کر لیں۔

مثلاً:۔ آدمؑ، نوحؑ، سلیمانؑ، موسیٰؑ، داؤدؑ، یوسفؑ اور محمدؐ۔اسکے بعد آیات فتوحات کشادگی کے اعداد لیں۔

آیات فتوحات یہ ہیں:۔

افتح ابواب فتحک لی یا مفتح الابواب

اس آیت کے اعداد 1631 ہیں۔

انا فتحنا لک فتحامبینا

اعداد آیت شریف 1233 ہیں۔

ربنا افتح بیننا و بینا قومنا باالحق و انت خیر الفاتحین

عدد آیت 3109 ہیں۔

نصر من اللہ و فتح قریب

عدد آیت 1302 ہیں۔

چاروں آیات کے اعداد کا مجموعہ 7275 ہے۔آپ کی سہولت کیلئے سات انبیاء کے ناموں کے اعداد کا مجموعہ بھی لکھ رہے ہیں جو کہ 679 ہے۔اب آپ کو صرف اپنے اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد معلوم کر کے باہم جمع کرنا ہے مثلاً آپ کے نام مع والدہ کے نام کے اعداد کُل 334 برآمد ہوئے ہیں تو کل مجموعہ اور اعداد 8288 ہو گئے۔

اعداد آیات	7275
اعداد نام انبیاء	679
اعداد نام مع والدہ	334
مجموعہ کُل اعداد	8288

اس مجموعہ اعداد کو 7x7 خانوں کے نقش میں پُر کریں۔جس کا طریقہ یہ ہے کہ کُل مجموعہ اعداد میں سے 168 عدد کم کریں اور پھر باقی اعداد کو سات پر تقسیم کر دیں۔اب جو حاصل اعداد آئیں ان کا نقش خانہ اول میں رکھ کر باقی خانوں میں ترتیب وار ایک عدد کے اضافہ کے ساتھ نقش پھرتے چلے جائیں مثلاً مجموعہ اعداد 8288 میں سے 168 عدد کم کریں تو باقی بچے 8120 اس کو سات پر تقسیم کیا تو جواب آیا 1160۔

7x7 کی چال کا نقش دیا جا رہا ہے اس میں پہلا خانہ وہ ہے جس میں ایک لکھا ہے اسی خانہ سے نقش کی ابتداء ہوگی لہٰذا درج ذیل مثال میں

حاصل عدد 1160 کو اسی خانہ میں لکھیں پھر جس خانہ میں نمبر 2 ہے اس میں ایک کے اضافہ کے ساتھ 1161 لکھیں۔ الغرض اسی طرح ایک عدد کے اضافہ سے 49 خانوں کا یہ نقش مکمل کرلیں۔ تمام کام وقت سے پہلے ہی تیار کرنا ہوگا تاکہ شرف شمس کے وقت میں سعد ساعت شمس میں صرف نقل کرنا ہی باقی رہ جائے۔

یہاں یہ بات بھی نوٹ فرمالیں کہ کُل مجموعہ اعداد کو جب آپ سات پر تقسیم کریں گے تو ضروری نہیں کہ وہ برابر تقسیم ہوجائے۔ اگر برابر تقسیم ہوجائے تو بہتر ہے لیکن تقسیم کے بعد اگر کوئی عدد باقی بچے تو پھر نقش میں کسر دینا ہوگی تب ہی وہ درست نقش پُر ہوگا۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ تقسیم کرنے سے ایک باقی بچے تو نقش کے خانہ نمبر 43 میں ایک عدد کا اضافہ کریں اور اگر دو باقی رہے تو خانہ 36 میں ایک کا اضافہ کریں 3 باقی ہو تو خانہ نمبر 29 میں ایک عدد بڑھائیں اور اگر 4 باقی رہے تو خانہ نمبر 22 اور 5 باقی ہو تو خانہ نمبر 15 اسی طرح 6 باقی ہو تو خانہ نمبر 8 میں ایک کا اضافہ کریں۔ یہاں ایک عدد اضافہ کرنے کا مطلب یہ ہے مثلاً آپ نقش کے خانے ایک ایک عدد کے اضافہ کے ساتھ بھرتے جا رہے ہیں اور جب کسر کا خانہ آئے تو اس میں ایک کے بجائے دو کا اضافہ کردیں باقی نقش اسی بھرتے چلے جائیں نقش کو درست بھرنے کی پہچان یہ ہوگی کہ نقش کے ساتوں خانوں کی میزان وہی آنی چاہئے جو آپ کے نام مع والدہ کے اعداد آیتوں کے اعداد تمام انبیاء کے اعداد کا مجموعہ ہوگا اگر اس مجموعہ کے مطابق نقش کے ساتوں خانوں کا مجموعہ نہیں ہے تو سمجھ لیں کہ نقش غلط بھرا گیا ہے اور کہیں نہ کہیں آپ سے حسابی غلطی ہوئی ہے۔ اگر لوح فتح نامہ کا نقش خود نہ پُر کرسکیں تو وقت سے پہلے رابطہ فرمائیں تاکہ آسانی کے ساتھ وقت پر نقش تیار ہوسکے۔



سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

طلسم قمر



طلسم عطارد

طلسم زہرہ

طلسم مریخ

طلسم مشتری

طلسم زحل

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف و اوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

حالت قمر

قمر در عقرب: 02 اپریل 03:57 تا 04 اپریل 11:54

قمر در عقرب: 29 اپریل 12:11 تا 01 مئی 20:19

ھبوط قمر: 02 اپریل 07:35 تا 09:24

ھبوط قمر: 29 اپریل 15:51 تا 17:41

قمر در ثور: 16 اپریل 13:50 تا 18 اپریل 17:02

شرف قمر: 16 اپریل 17:18 تا 17:02

شادی بیاہ کی تاریخیں

4.5.9.14.2.13.17.18.19.23.24.25.26

نوٹ: ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا 01 بجے دوپہر فون پر مسائل کا حل دریافت کرسکتے ہیں علاوہ اتوار۔

0300-6351192

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

روحانی دوستوں کو میرا اسلام! پاکستان میں موسم تبدیل ہو رہا ہے دوسری اہم بات کہ بچوں کے امتحانات یا تو ہو رہے ہیں یا ہو چکے ہیں یا پھر ہونیوالے ہیں۔ وہ طالب علم جو کہ کالج اور یونیورسٹی میں پڑھ رہے ہیں یا زندگی کے کسی بھی موڑ پر زندگی کے کسی امتحان سے گزر رہے ہیں ایسے طالب علموں کیلئے ایک وظیفہ دے رہا ہوں۔ درود پاک کی اہمیت اور فضائل سے کوئی بھی مسلمان انکاری نہیں لہذا خلوص دل سے ایک بار درود پڑھ کر میرا باقی مضمون مطالعہ کریں۔

امتحان، مقدمہ میں کامیابی

درود: ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَا نَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ

ترکیب عمل: ۔ عشاء کے بعد علیحدہ جگہ پاک صاف مُصلے پر بیٹھ کر یہ درود شریف پانچ سو بار اپنے مقصد کا تصور کر کے اگر طالب علم کو خطرہ ہے میں نے محنت کی ہے نتیجہ غلط ہونے کا ڈر ہے تو امتحان شروع ہونے کے ساتھ رات کو عشاء نماز کے بعد علیحدہ پاک جگہ اگر بتی جلا کر پانچ سو بار پڑھنے کا عمل شروع کرے، نتیجہ کا رزلٹ آنے تک پڑھتا رہے، شروع کرنے سے پہلے مٹھائی پر فاتحہ پڑھ کر حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی نیاز اور اہل بیت کو تحفہ پہنچا کر لوگوں بچوں میں بانٹ دے، یہ طریقہ پندرہ دن بعد کرتا رہے، ان شاء اللہ امتحان میں پاس ہونے کا اپنی آنکھوں سے دیکھے گا، خود میں نے یہ عمل کیا تھا دسویں جماعت میں فیل ہونے کا خطرہ تھا، رات کو پانی اپنے پاس رکھتا تھا، عمل مکمل کر کے پانی پر دم کر کے روز پی لیا کرتا تھا، آخر میں دُعا اپنے مطلب کی کرتا تھا جو لڑکے ٹیوشن پڑھتے تھے ان میں سے بھی لڑکے فیل ہوئے اس درود شریف کی برکت سے اللہ پاک نے عزت رکھی جب اپنا مقصد پورا ہو جائے تعداد کم بھی کر سکتا ہے، اس میں سوائے شرعی پرہیز کے اور کوئی پرہیز نہیں ایک بار درود شریف پڑھنے سے دس درجے بلند ہوتے ہیں، دس گناہ معاف ہوتے ہیں۔ اس درود میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا نام آتا ہے، لوگ دُور دُور سے سفر کر کے عامل کے پاس اجازت حاصل کرنے کے لئے جاتے ہیں لیکن یہ وظیفہ خدا وندی ہے، قرآن پاک کے ارشاد کے مطابق اللہ پاک اور اس کے فرشتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھو۔

اگر مقدمہ میں فیصلہ حق پر کرانے کے لئے بھی عشاء کے بعد علیحدہ جگہ پر اور صبح نماز فجر ادا کرنے کے بعد بھی پانچ تسبیح پڑھنا شروع کر دیں، بڑے سے بڑا جابر بھی کچھ نہیں کر سکے گا لیکن ختم شریف مٹھائی یا زردہ کی دیگ پکا کر لازمی تقسیم ہے۔

اگر کوئی مشکل نہ ہو رہی ہو تو سونے سے پہلے وضو کر کے چارپائی پر بیٹھ کر پانچ تسبیح تلاوت کریں اور ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں اپنی آنکھوں سے مشکلات غیب سے حل ہوتے دیکھیں گے یہ دنیاوی فائدہ کے علاوہ آخرت اور قبر میں دیکھیں گے اس درود شریف کی برکات اور کہیں گے کاش ہم ہر وقت یہی عمل کرتے رہتے جب اپنے لئے دُعا کریں اس کے بعد ادارہ روحانیات والوں کیلئے خصوصی دعا کریں۔

غصہ اور جسمانی گرمی دور

والدین پریشان ہیں کہ اُن کے بچے بات بات پر غصہ میں آجاتے ہیں یا میاں بیوی کے درمیان تلخ کلامی رہتی ہو لڑائی جھگڑا بے انتہا بڑھ چکا ہو گھبراہٹ اور خوف کی وجہ سے جسم میں حرارت بھی زیادہ ہو ایسے تمام مسائل کا حل ذیل کے کلام الٰہی سے ممکن ہے۔

عبارت کلام: ۔ حَقُّ حَیٌّ حَسِیْبُ حَکِیْمُ مُعِیْدُ حَفِیْظ حَلِیْمُ قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ

ترکیب وظیفہ: ۔ درج بالا کلام کو لکھ کر گلے یا بازو پر باندھیں ایک لکھ کر سبز درخت پر باندھے اور روزانہ لکھ کر نماز فجر کے بعد جاء نماز پر بیٹھ کر سلام پھیرنے کے فوراً بعد لکھ کر تازہ پانی میں گھول کر اُسی وقت پی لے یہ عمل گیارہ دن کرے سوا کلو گوشت ویران جگہ اُونچی جگہ پر تھوڑا تھوڑا کر کے

ڈرالے یا قبروں کی چھت پر ڈال کر یہ عمل کرے، تعویذ لٹکانے کے بعد سوا کلو برفی کی نیاز دے کر بچوں، بڑوں میں تقسیم کرے، لکھنے سے پہلے ایک تسبیح استغفار ایک تسبیح درود شریف پڑھے۔ اگر کوئی گھر میں فساد کرتا ہو تو اس کیلئے بھی تیر بہدف ہے۔

گھبراہٹ' قے دور کرنا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ لَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ بِسْمِ اللّٰهِ شِفَاءٌ مِنْ کُلِّ دَاءٍ وَ ..... یٰاَرْضُ اَبْلَعِیْ مَاءَکِ وَیٰسَمَاءُ اَقْلِعِیْ وَ ..... الْمَاءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَقِیْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ (یہ سورۃ بقرہ میں ہے)

ترکیب عمل : درج بالا کلام کو چینی کی پلیٹ پر زعفران عرق گلاب کستوری سے لکھ کر سونف پانی میں ڈال کر تین اُبالے دے کر آگ سے نیچے اُتار کر نیم گرم ہونے پر پلیٹ میں ڈال کر کلام کو وضو والے جسم سے ملائیں حرف حل ہونے پر پیئے یا دوائی جو استعمال کر رہے ہیں وہ پلائیں اُوپر سے یہ پانی پلائیں پھر ایک دو پہر کو پلیٹ ایک شام چار بجے پلائیں، اس عمل سے پہلے سوا کلو گوشت مریض کے اُوپر سے سات بار اُتار کر کسی غریب جس کا پتہ ہو دیں اسے اپنے سامنے ہانڈی میں ڈال کر پکانے کے لئے کہیں یا ویران جگہ، درخت کی جڑوں کے پاس تھوڑا تھوڑا ڈال کر یہ عمل کریں اوّل تو پہلے دن اُلٹی قے رُک جائے نہیں تو تین دن میں مسئلہ حل ہو جائے گا، عملیات کے نہ ماننے والے تجربہ کریں، کلام کا اثر دیکھیں جب ڈاکٹروں، سرجن، حکیموں نے جواب دے دیا ہو یہ عمل کریں ان شاء اللہ ناکامی نہیں ہوگی۔ میں نے خود پینتالیس سال سے اِس کلام کا فیوض دیکھ رہا ہوں۔ اب ظاہر کیا ہے کسی کی دُعا سے ہماری اور مسلمانوں کی آخرت بہتر ہو جائے آج سے تین سال پہلے لاہور میں ہارٹ اسپیشلیسٹ کو یہ مرض ہو گیا تھا جو کھاتا تھا ہضم نہیں ہوتا تھا اُلٹی کے ذریعے غذا نکل جاتی تھی، ہمارا کسی نے بتایا اس کی بیوی آئی ہم نے ہدیہ پچاس ہزار مانگا، بیوی نے فون پر بتایا وہ یہ مانگ رہے ہیں اُنہوں نے جواب دیا ہم ایک مریض سے دو لاکھ لگوا دیتے ہیں اگر اُنہوں نے مرض دُور کرنے کے لئے منہ مانگا ہدیہ کا مطالبہ کیا، جو کہ ان لوگوں نے دیا۔ ہم نے ان کو ایک مرغا زندہ اپنے سے وار کر ویران جگہ چھوڑنے کے لئے کہا۔ اس کے بعد یہ عمل لکھ کر باندھنے اور پلیٹوں پر پینے کے لئے دیا اور کہا اب اپنی دوائی استعمال کرو جو اثر نہیں کر رہی۔ دوسرے پلیٹ الائچی کا پانی میں پلانے، تیسرے پلیٹ سونف اُبال کر پانی پلانے سے اُلٹی رُک گئی جو کافی دنوں سے آرام نہیں آ رہا تھا، یہ واقعہ شہرت کیلئے نہیں لکھا، آپ کو بتانے کے لئے مجھے کلام پر اتنا یقین ہے شفایاب ہونے پر ادارہ روحانیات کے لئے لازمی دُعا کریں، اللہ پاک اس ادارہ کو اور ترقی سے سے نوازے۔ آمین

کلمہ توحید کی روحانیت

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رسول اللّٰه

فلاں بن فلاں کے دل میں میری محبت جگا دے۔

ترکیب عمل: ۔نوچندی جمعہ مبارک یا نوچندی جمعرات سعد دن مزل جنتری سے دیکھ کر یا جعفریہ جنتری سے دیکھ کر پڑھائی شروع کریں، رات عشاء کے بعد تین سو تیرہ بار علیحدہ جگہ اگر بتی جلا کر کپڑوں پر خوشبو لگا کر اور نہا دھو کر پڑھا کریں، تصور مطلوب کا رکھیں، آخر میں سینہ پر دم کر دیا کریں اور اشارہ سے کہیں تین بار میرے پاس حاضر ہو۔ صبح نماز فجر کے بعد پانچ چھوٹی الائچی اپنے سامنے رکھے، پانچ کالی مرچ پاس رکھے، ایک تسبیح پڑھنے کے بعد ایک الائچی ایک کالی مرچ پر دم کریں، یہ طریقہ دوبارہ دوسری مرچ الائچی پر کریں جب سب پر دم کر لیں تو اسی وقت تندور میں ڈال آئیں جو لوگ تندور میں نہ ڈال سکیں وہ اپنے سامنے آگ جلا کر ایک تسبیح دم کر کے ڈالیں، یہ طریقہ پانچوں پر کریں بعد میں دُعا کریں اپنے مطلب کی جو لوگ عمل کر کے ناکام ہو چکے ہیں یہ کریں کرنے سے پہلے دو کلو گوشت چار حصوں میں کر کے ایک حصہ ویران جگہ ڈالیں ایک دریا میں ڈالیں، ایک پرندوں کو ڈالیں، ایک حصہ کسی غریب کو پکانے کے لئے دیں، جس کو جانتے ہوں یہ غریب ہے، جمعرات والے دن تین پاؤں برفی پر سورۃ فاتحہ اور 11 بار سورۃ اخلاص پانچ بار درود شریف پڑھ کر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور مؤکلات کلمہ شریف کو ہدیہ کر کے تقسیم کر دیا کریں، ایک چلہ میں کامیابی اپنی آنکھ سے دیکھ لیں گے۔

پندرہ شعبان کا روزہ : ۔حضرت سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا سے مروی ہے کہ نبی کریم، رؤف رحیم ﷺ کا فرمان عظیم ہے۔ جب پندرہ شعبان کی رات آئے تو اسمیں قیام (یعنی عبادت) کرو اور دن میں روزہ رکھو۔ بے شک اللہ تعالیٰ غروب آفتاب سے آسمان دنیا پر خاص تجلی فرماتا اور کہتا ہے: ہے کوئی مجھ سے مغفرت طلب کرنے والا کہ اُسے بخش دوں! ہے کوئی روزی طلب کرنے والا کہ اُسے روزی دوں! ہے کوئی مصیبت زدہ کہ اُسے عافیت عطا کروں! ہے کوئی! ایسا اور یہ اُس وقت تک فرماتا ہے کہ فجر طلوع ہو جائے۔ (سنن ابن ماجہ ج ۲، ص ۱۶۰، حدیث: ۱۳۸۸)

مجربات دامانیہ

تسخیر موکل سورۃ اخلاص

تسخیر خلائق و محبوب

تحریر
سائیں عبداللطیف دامانی
(اسلام آباد)

اسمائے یا سورتوں کی دعوتیں ریاضت کی مشکل ترین صورتیں ہیں۔ یہ دراصل راہ سلوک کی منازل ہوتی ہیں، مشائخ کرام فرماتے ہیں کہ جس وقت سالک دعوت شروع کرتا ہے تو تمام مسخرات ہر روز بلا ناغہ وقت معینہ پر حاضر ہوتے ہیں اور جب تک عامل پڑھتا رہتا ہے دائم الحال حاضر رہتے ہیں اور جب ختم کرتا ہے تو چلے جاتے ہیں اس لئے ایام دعوت میں تعین وقت کا از حد پابند ہونا چاہئے جب وقت معینہ میں فرق آتا ہے تو مسخرات کو آنے جانے میں تکلیف ہوتی ہے۔

سورۃ الاخلاص ''قل ہواللہ احد'' محبت کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ یہ عمل عجیب ترین ہے۔ حل المشکلات کے ساتھ ساتھ فرحت قلبی بھی حاصل ہوتی ہے۔ مگر حیرت انگیز مناظر دیکھتا ہے جس سے نظر ہٹانے کو دل نہیں چاہتا مگر اس کی زکوٰۃ ضرور ادا کرنی چاہئے۔ جو شخص سورہ اخلاق کی دعوت کرنا چاہے اس کیلئے ضروری ہے کہ اکل حلال، صدق مقال، کم کھانا، کم سونا، نیت درست رکھنا، صدق دل سے پڑھنا، مرشد کے حکم کی تعمیل کرنا، گوشہ گزین رہنا۔ مرشد سے اجازت حاصل کرنا اور اس کو پہلے اخلاص قلب حاصل کرنا چاہئے اور غسل کرے، پاک وصاف ہو کر خلوت میں بیٹھے اور کسی سے کلام نہ کرے۔ جھوٹ نہ بولے، پرہیز جلالی و جمالی شرط ہے۔ گوشت، مچھلی، سرکہ، پیاز، لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں جماع نہ کریں۔

طریقہ زکات یہ ہے کہ سورۃ اخلاص ایک ہزار مرتبہ ہر روز عروج ماہ میں بروز جمعرات شروع کر کے بعد نماز عشاء پڑھا کرے۔ اور صبح کی نماز کے بعد اکتالیس نقش سورۃ اخلاص لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کرے۔ اگر دریا نزدیک ہو تو تالاب جہاں مچھلیاں ہوں ڈال دیا کرے۔ بعد 41 یوم عامل ہو جائے گا۔ اس عمل کو شروع کرتے ہی تین موکل عامل کی مدد کے لئے متعین ہو جاتے ہیں اور جب تک عامل کی ضرورت پوری نہ کر دیں واپس نہیں جاتے اکثر اوقات تو موکل سامنے حاضر ہو کر یوں کہتے ہیں السلام وعلیکم اے عبد صالح ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ہم اس سورہ کے موکل ہیں۔ تم کہو تمہارا کیا مطلب ہے۔ اس وقت تم یہ جواب دو کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ جس کام کو میں تمہارے تئیں حکم دوں تم فوراً اس کو بجالاؤ۔ اور اگر موکلین کو تابع کرنا ہے تو ان سے ہی کہے کہ میں چاہتا ہوں کہ تم کو جب یاد کروں حاضر ہو اور میرا جو کام بھی ہو انجام دو۔

منقول ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہ سورہ الاخلاص بھی ترتیب سے لوح محفوظ میں لکھی ہے اس کے بہت فوائد ہیں۔ جب ضرورت ہو تو ایک نقش لکھ کر اس کے نیچے طالب ومطلوب کا نام لکھ کر پھل دار درخت مثل انار وغیرہ ساتھ لٹکا دے، جیسے جیسے ہوا چلے گی مطلوب بے قرار ہوگا۔ نہایت ہی پُر تاثیر نقش ہے اور کبھی خطا نہیں کرتا۔ مجرب عمل ہے اس کو آزمائش یا امتحان سمجھ کر نہ کریں۔

آخر میں ادارہ تحفہ روحانیات ملتان کی پوری ٹیم کی صحت سلامتی وروحانی ترقی کے لئے دعا کریں اور مجھ گنہگار سائیں عبداللطیف دامانی کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

اہم مذہبی واقعات

02 **اپریل** بروز سوموار 15 رجب احتمال شہادت بی بی زینبؑ
09 **اپریل** بروز سوموار 22 رجب نیاز امام جعفرؑ گونڈے
11 **اپریل** بروز بدھ 24 رجب فتح خیبر بدست مولا علیؑ 7ھ
12 **اپریل** بروز جمعرات 25 رجب شہادت امام موسیٰ کاظمؑ 183ھ
13 **اپریل** بروز جمعہ 26 رجب شب معراج
14 **اپریل** بروز ہفتہ 27 رجب عید بعثت رسولؐ خدا
15 **اپریل** بروز اتوار 27 رجب روانگی مولا حسینؑ بجانب کربلا
18 **اپریل** بروز بدھ یکم شعبان ولادت باسعادت حضرت بی بی زینبؑ
19 **اپریل** بروز جمعرات 02 شعبان فرض روزے ماہ رمضان ۲ھ
20 **اپریل** بروز جمعہ 03 شعبان ولادت باسعادت مولا حسینؑ 4ھ
21 **اپریل** بروز ہفتہ 04 شعبان ولادت باسعادت جناب عباس علمدارؑ
22 **اپریل** بروز اتوار 05 شعبان وفات بی بی فضہؑ
24 **اپریل** بروز منگل 7 شعبان ولادت باسعادت جناب قاسمؑ ابن امام حسنؑ
28 **اپریل** بروز ہفتہ 11 شعبان ولادت باسعادت جناب علی اکبرؑ

حاضرات سورۃ فاتحہ

تحریر:۔ جنار عامل عزیز الرحمٰن سروری قادری (حیدرآباد)

اللہ پاک تحفہ روحانیات کے تمام قارئین کرام کو صحت سلامتی رزق دولت و برکت عطا فرمائے السلام علیکم ! قارئین محترم کافی عرصہ بعد آج کی محفل میں حاضرات کی دُنیا پر حاضرات سورۃ فاتحہ "الحمدللہ رب العالمین" کا عمل لے کر حاضر خدمت ہوں۔ قارئین کرام چھوٹے موٹے عاملین طالب علم و عام انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ اُس کے پاس حاضری کے حوالے سے ایک ایسا عمل ضرور دستیاب ہو جس کے طفیل وہ کم از کم اپنے آسان و مشکل سوال کا جواب اُسے مل جائے اور اسی طرح کی حاضرات کرنے سے معمولی طالب علم و عامل کو بہت خوشی محسوس ہوتی ہے۔ پر میرا تجربہ رہا کہ اسی طرح کے حاضرات روحانی و عملیاتی دُنیا کا شروعاتی ادنیٰ سے حصہ ہوتے ہیں۔ بہر حال منزل بہ منزل صاحب عمل کی روحانی قوت میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ بلا آخر کوشش محنت کرنے سے عامل کی رسائی جا کر اُس قوی مقام پر فائز ہوتا ہے کہ اُس نے شاید کبھی تصور بھی نہ کیا ہوگا۔ اللہ پاک کی ذات بہت بڑی رحیم و کریم ہے وہ کسی پر بھی اپنا کرم کر دیتا ہے اور صاحب علم کے رزق' دولت' روحانیت' سماعت و بصارت' حاضرات و ناظرات بیدار ہو جاتی ہے۔ قارئین محترم میرا موضوع طول نہ اختیار کر جائے فی الوقت کام کے موضوع کی جانب آتے ہیں۔

طریقہ عمل حاضرات سورۃ فاتحہ :۔ کسی بھی ذہین بچہ یا بچی کا انتخاب بچور معمول کریں۔ جو عمر کے لحاظ سے 8 تا 11 سال کا ہو اُسے غسل کروائیں کم از کم باوضو ہو کر عامل اور معمول خوشبو لگائے اور خانہ خلوت میں زمین پر قبلہ رُخ بیٹھ جائیں عامل اپنا رُخ قبلہ شمال کی جانب کرے ایک چادر معمول کے اوپر اوڑھ دیں اور معمول کے دائیں ناخن پر سرمہ یا کالی سیاہی لگا کر معمول کو بولیں کہ اس میں غور سے دیکھے۔ پہلے اس کے سر اور کندھوں پر وزن محسوس ہوگا بعد میں یہ وزن پشت پر معمولی سا سوار رہتا ہے اور موکل حاضر ہوگا اس سے معمول کے زبانی سلام عرض کروائیں اور اپنے جائز سوالات مثلاً چوری' اغواء' ڈکیتی یا گمشدہ سامان یا نیک نیت حاجات کے سوالات کا جواب طلب کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے عامل آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر اپنا اور معمول کا حصار کرے اور سورۃ فاتحہ پڑھنا شروع کرے۔ واضح رہے کہ جب **ایاك نعبدو و ایاك نستعین** پر 11,21 یا 41 مرتبہ تکرار کرے اور سورۃ مکمل کر کے معمول پر دم کرے ان شاء اللہ واضح طور پر معمول پر حاضرات کا نزول ہوگا۔ میری عاملین حاضرات سے اپیل ہے کہ یہ حاضرات 11 سال کے معمول سے زیادہ عمر کے بچہ یا معمول پر ہرگز نہ کریں۔ اگر اس بات کا خیال نہ رکھا گیا تو بچہ کی بینائی سلب ہو جائیگی اور معمول آنکھوں کی روشنی کھو بیٹھے گا اور تاحیات عامل کو بدعا کرتا رہیگا۔ اللہ پاک ہر عامل کامل اور قارئین کرام کو رجعت سے اپنے حفظ و امان میں رکھے آخر میں ادارہ روحانیات کی پوری ٹیم کی صحت و سلامتی اور روحانی ترقی کیلئے دعا کریں اور مجھ گنہگار فقیر عزیز الرحمٰن کو خصوصی دعا میں یاد رکھیں۔ اللہ پاک قارئین کرام کو عمل کرنے کی توفیق و برکت عطا فرمائے۔

لوح شرف شمس

لوح شرف شمس کی برکت سے رزق کی تنگی' بے برکتی اور مالی پریشانی کا خاتمہ' جاہ حشمت بلندی مرتبہ' دشمنوں پر غلبہ' حصول مال و دولت' انعامی پرائز بانڈ میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے لوح شرف شمس سے فائدہ لے سکتے ہیں۔ لوح شرف شمس کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بک کروائیں۔

تمام الواح چاہے کسی بھی ہدیہ کی ہوں ضرور کام کرتی ہیں۔ دھات اور لوازمات کے استعمال کی وجہ سے تمام لوگ کچھ تاخیر سے خاص لوح مناسب وقت پر اور بہت خاص لوح فوری اپنا اثر ظاہر کرتی ہے۔ جس طرح ہر انسان کی قابلیت، روحانی قوتیں اور جسمانی قوتیں ایک جیسی نہیں ہوتیں اسی طرح جس الواح پر جتنے اچھے لوازمات اور جتنی اچھی دھات استعمال کی جائے گی اس لوح میں اتنے ہی زیادہ تاثیر پائی جائے گی۔ جیسا کہ کاغذ پر تیار کردہ لوح کا اثر کاغذ جیسا ہوگا۔ تانبہ، چاندی یا کسی دوسری دھات پر تیار کردہ لوح کی تاثیر بھی ویسی ہوگی۔ خاص کلام خاص دھات پر کندہ کرنے سے خاص اثرات ظاہر کرتا ہے۔

ہدیہ الواح:۔ عام لوح 4200 خاص لوح 7200 بہت خاص لوح 9200

روحانی ترقی کا وظیفہ

تحریر:۔
بابا رحمانی
(فیصل آباد)

اپنے تمام دوستوں کو شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی محبت مجھے ہمیشہ یاد رہے گی تحفہ روحانیات ہمارے اور آپ کے درمیان وسیلہ ہے تہہ دل سے ماہر روحانیات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو کہ اس عظیم روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں میرے مضامین کو جگہ دیتے ہیں۔ دوستوں میرا روحانی کالم لکھنے کا انداز میری نظر میں کچھ اچھا نہیں کسی نہ کسی پہلو سے آپکو بات سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔ کوشش ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ آسان زبان کا استعمال کروں۔ روحانی معاملات اس قدر پیچیدہ ہوتے ہیں کہ آسانی سے سمجھ آنا اور انکی تہہ تک پہنچنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔

میرے بہت سے دوستوں نے روحانی محافل میں اس بات کا ذکر کیا کہ ہم عرصہ دراز سے روحانی وظائف کر رہے ہیں مگر روحانی ترقی ممکن نہیں اب اس بات کا تعلق چاہے عملیات کے شعبہ سے ہو یا تصوف سے جو بھی شخص روحانی میدان میں قدم رکھتا ہے چاہتا ہے کہ روحانیت کی بلندیوں کو پہنچ جائے۔ یہ کوئی عام بات نہیں روحانی بزرگ اسی قدر و قیمت کے پیش و نظر اپنے شاگردوں یا مریدین سے سالہا سال خدمت کرواتے تھے۔ اگر مرید یا شاگرد عارضی ہوا اور اُس کے چند دن کا شوق ہوتا تو وہ عرصہ 6 یا 7 ماہ یا حد ایک دو سال کے اندر ہی راہ فرار اختیار کر لیتا۔ ایسا بھی بعض اوقات ہوا ہے کہ روحانی بزرگ یا پیر صاحبان کسی مرید کی محبت میں اُس کو روحانیت کا پہلا سبق دینا شروع کر دیتے۔ دل و جان سے اپنے شاگرد یا مرید پر روحانی محنت کرتے۔ شاگرد یا مرید اپنا شوق چند ماہ یا چند سال میں پورا ہونے کے بعد پھر سے دنیا دار ہو جاتا' روحانیت کو چھوڑ دیتا ایسے میں روحانی بزرگ یا پیر کو سخت دُکھ اور رنج ہوتا ہے کہ اُس نے جس شخص پر دل و جاں سے اتنی محنت کی اُس نے روحانیت کی قدر نہ کی۔ یہی وجہ ہے کہ بزرگ یا پیر صاحبان اپنے شاگرد یا مریدوں کو اتنا جلدی روحانیت کا سبق نہیں دیتے بس ابتدائی وظیفہ کرواتے ہیں۔ پھر جو مرید یا شاگرد چند سال اُن کی خدمت کرتا ہے وہی روحانی وظائف کا حقدار ٹھہرتا ہے۔ پھر ان مریدین میں سے بھی کچھ خاص چنے جاتے ہین جن کو روحانیت کی منازل طے کروائی جاتی ہیں خلیفہ یا جانشین مقرر کیا جاتا ہے۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو چاہتے ہیں کہ ہم اپنے تئیں وظائف میں کمال حاصل کریں اور ایسے دوست اُس طالبعلم کی طرح کتاب کے کیڑے بنے رہتے ہیں جس کو خود اپنی منزل کا نہیں پتہ کہ بڑے ہو کر کیا بنے گا۔ پھر وہ بہت کچھ پڑھ لکھنے کے بعد نہ تو محنت مزدوری کے قابل رہتا ہے اور نہ تو ایسے طالب علم کو کوئی خاص ملازمت ملتی ہے۔ یعنی کہ تعلیمی میدان میں بھی پہلے اپنی منزل کا تعین کرنا ہوتا ہے کہ بڑے ہو کر ڈاکٹر یا وکیل بننا ہے' سیاست دان یا بیوروکریٹس تو پھر دوست روحانیت کو اتنا ہلکا کیوں لیتے ہیں۔ بحرحال وہ دوست جو کہ عرصہ دراز سے روحانی وظائف کرتے آئے ہیں یا کسی پیر صاحب کے مرید ہوں۔ چاہتے ہوں کہ اُنکو بھی روحانیت میں کوئی مقام ملے میرے اس وظیفہ کی برکت سے ایسے دوست جلد روحانی مقام حاصل کر لیں گے یہ وظیفہ روحانیت کا ایسا سرچشمہ ہے جس کی تعریف کئے بغیر کوئی بھی شخص نہیں رہتا اگر دل میں روحانیت کی تڑپ ہو یا اپنے پیر صاحب کی خاص توجہ چاہتا ہو روحانی میدان میں سب سے آگے نکلنا چاہتا وہ چاہے عملیات کی دُنیا ہو یا تصوف کا سمندر یہ وظیفہ حیرت انگیز طور پر ورد کرنے والے کو بہترین نتائج دیتا ہے مجرب ہے۔

اس وظیفہ کو کرنے کا طریقہ کار یہ ہے کہ پہلے اچھی طرح زبانی وظیفہ کی عبارات کو حفظ کر لیا جائے وقت تہجد یا بعد نماز فجر 108 بار وظیفہ کی عبارات پڑھ کر کچھ دیر کا مراقبہ کیا جائے جس میں تصور کیا جائے کہ صاحب وظیفہ روحانیت کے سمندر میں تیر رہا ہے۔ اُس کے اندر اور باہر نور ہی نور ہے اس نور کی برکت سے وہ سمندر میں ڈوب نہیں رہا بلکہ اُٹھتی ہوئی روحانیت کی لہروں سے لطف اندوز ہو رہا ہے اس مراقبہ میں میں صرف اسم اللہ کا تصور کیا جائے۔ جب تک دل لگا رہے مراقبہ کو نہ چھوڑے اُکتاہٹ کا احساس ہو تو مراقبہ ختم کیا جا سکتا ہے۔ اب دن میں چاہے 10 بار بھی مراقبہ کرے کوئی حرج نہیں ہے۔ نور کا سمندر عبارت عمل درج ذیل ہے۔

لا اِلہ تیری ذات پہ چھاتی
اِلا اللہ کر روشن چھاتی
نظر کرم دی مارو چاتی
مکھ برسے نور رسول اللہ
پڑھو لا الہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ

جادو گر منہ کے بل گرے

ڈنکا شاہ علیؑ ۴

تحریر:۔ فقیر سردار رخی بھاگناڑی (بلوچستان)

نزول مولا علیؑ 13 رجب کے بابابرکت موقع پر تمام مومنین کی خدمت میں نایاب عمل کے ساتھ حاضر ہوں۔ پاکستان میں جادوگروں سے متعلق کئی خفیہ گروہ سرگرم ہیں۔ جادو ضروری نہیں کہ تعویذات اور پڑھائی سے کیا جائے۔ گندی نظر جسے نظر بد کہا جاتا ہے اور حسد، بغض کینہ بھی جادو کے زمرے میں آتا ہے۔ بہت سے ایسے بے کس اور بیچارے لوگ ہوتے ہیں جو کہ جادو کی وجہ سے تباہ و برباد ہو چکے ہوتے ہیں یہ شریف لوگ میڈیا پر جاہل نام نہاد عاملین کے یکطرفہ کرتوت دکھانے کی وجہ سے یا تو روحانی معالجین سے باغی ہو چکے ہوتے ہیں یا پھر ڈر کے مارے اور عزت کی خاطر کسی سے اپنا دُکھ درد بھی بیاں نہیں کر پاتے۔ الیکٹرانک میڈیا کو چاہیے کہ جہاں پر ایک طرف شعبدہ بازوں' ڈھونگی' فراڈیوں' جعلی پیروں اور عاملوں اور حکیموں کے پردہ فاش کر رہا ہے دوسری جانب اُسے مخلص دیانتدار اور روحانی معالجین کو بھی جگہ دینی چاہیے مگر یہ سب بکاؤ مال ہوتا ہے اپنی ریٹنگ کے چکر میں قوم کا بیڑا غرق کر دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے حال پر رحم کرے تحفہ روحانیات کے ان صفحات پر اُن لوگوں کی روحانی مدد کرنا چاہتا ہوں جو کہ جادو اور بندش' نظر بد کی وجہ سے تباہ و برباد ہو چکے ہوں۔ اس عمل کی برکت سے نہ صرف بندش اور جادو کا خاتمہ ہوتا ہے بلکہ دشمن پر وار بھی واپس لٹائے جا سکتے ہیں خلوص دل کے ساتھ پہلے تین روزے رکھیں کچھ صدقہ دیں۔ اگر سال بھر اس ڈنکا کی زکات کا ارادہ ہو تو 13 رجب یوم نزول مولا علیؑ کے روز 110 بار اس ڈنکا کو بعد ظہرین ورد کر لیا جائے نیاز کا خاص اہتمام کریں اور آئندہ سال اس زکات وظیفہ کو پھر دہرا دیا جائے وہ قارئین جنہیں رسالہ بعد میں ملے اور 13 رجب گزر چکی ہو تو اُن کیلئے عرض ہے کہ کسی بھی نوچندی قمری ماہ کو گیارہ روز مسلسل 110 بار اس ڈنکا کو تنہائی میں پڑھیں اول آخر درود 11 بار پڑھا جائیگا ہر 5 یوم گزرنے کے بعد پنجتن پاک کے نام کی نیاز دیں اگر کوئی مریض جادو کی وجہ سے مصیبت اور پریشانیوں میں جکڑا ہوا ہے تو اُس مریض کو پانی دم کر کے پلائیں دوکان یا مکان پر بندش ہے تو یہی پانی اس بندش کے خاتمہ کیلئے اکسیر ثابت ہوگا۔ علاوہ ازیں وہ روحانی معالجین جو کہ تحفہ روحانیات شوق سے پڑھتے ہیں اور عوام کی خدمت خلق بے لوث کرتے ہیں اپنی خاص بیاض میں اس ڈنکا کو محفوظ کر لیں تاکہ بوقت ضرورت کام آئے۔ کامیابی کے بعد تحفہ روحانیات کی ٹیم اور اسکے بانی ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کیلئے خصوصی دعا کریں اس ڈنکا اجازت کیلئے رسالہ ہذا کے آخر میں دیئے گئے کوپن اجازہ عمل کو پُر کر کے ادارہ کو لازمی ارسال کریں تاکہ تحریری اجازت نامہ سے آپکی محنت رائیگاں نہ جائے۔ ورنہ محنت ضائع ہونے کے سمیت رجعت کا بھی خطرہ ہے۔

نئے چاند کی 5 تاریخ کو بعد مغربین سیاہ لباس زیب تن کریں اس لباس پر خوشبو نہیں لگانی وہ کمرہ جس میں آپ نے ریاضت کرنی ہے اچھی طرح معطر کریں سیاہ چادر زمین پر بچھائیں اگر کمرہ میں فالتو سامان ہے تو نکال باہر کریں جب آپ ریاضت کیلئے اس کمرہ میں بیٹھیں تو لازم ہے کہ دوسرا کوئی شخص موجود نہ ہو۔ کمپیوٹر اور ٹی وی' کوئی اور ساؤنڈ سسٹم اس میں نہ رکھا ہوا ہو۔ روحانی معالجین اگر اپنی نشست پر بیٹھ کر اس وظیفہ کو کریں تو یقیناً تسخیر خلق سمیت بندش' جادو اور جنائی سائلین کو فوری افاقہ ہوگا۔ باقی طریقہ کار میں پہلے عرض کر چکا ہوں یعنی تعداد ایام اور درود و نیاز۔ مداومت کا بھی جان لیں کہ بعد اختتام ریاضت نماز ظہرین کے بعد 11 بار ورد کیا جائے۔ ہمیشہ عمل قابو میں رہیگا۔ روحانی معالجین اپنی نشست پر بیٹھ کر اس ڈنکا کو مداومت کے طور پر 11 بار پڑھیں۔ دن بہ دن اس کے اثرات بڑھتے جائیں گے۔

عبارت ڈنکا شاہ علیؑ

بسم اللہ کے شیر، چلے ہوئے وار کرے زیر
چلے مولا علی کی ذوالفقار، ہر وار کو کرے زیر
زبر سب زیر ، میں زبر سب زیر
میں زبر سب زیر ، میں زبر سب زیر
یا علی مدد بھر پور صدقہ حسن حسین دا ، ہر بلا بیماری جادو بندش دور
شاہ مرداں شیر یزداں قوت پرور دگار
لا فتاح الا علی لا سیف الا ذوالفقار

روحانی معالج

تحریر
علامہ سید سبط حسن جعفری
(کوئٹہ)

حکیم ڈاکٹر جس مریض کو دیکھنے جائیں بیمار کو دیکھنے سے پہلے بیمار کے پاس پہنچ کر لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ (اللہ تجھ کو پاک کرے یعنی صحت بخشے)

تمام دوستوں کو میرا اسلام موجودہ وقت میں افراتفری اس قدر بڑھ گئی ہے کہ ہر شخص کو اپنی اپنی پڑی ہے۔ روحانی علاج بارے جو بُرا حشر سوشل میڈیا پر ہو چکا ہے بس اللہ ہی حافظ ہے۔ جس طرح گزشتہ ماہ شمارہ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں بھی عرض کیا جا چکا ہے کہ سوشل میڈیا پر آج کل زیادہ تر نام نہاد روحانی معالجین کی بھرمار ہے۔ ہر دوسرا شخص اپنے آپکو روحانیت بارے بڑے سے بڑا دعویدار ثابت کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس بارے ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے بھی بات کر چکا ہوں آپ نے واضح طور پر فرمایا کہ آپ کا تجزیہ بالکل درست ہے۔ ایسے افراد جن کو تسبیح پکڑنے کے طریقہ کا نہیں معلوم تسبیح چلانے کا بھی نہیں پتہ۔ وہ بھی بہت بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں مگر صرف سوشل میڈیا پر کیونکہ اُن کیلئے بہت آسان ہو جاتا ہے کہ بالمشافہ ملاقات اُن صاحب سے ہوتی نہیں۔ الیکٹرانک پیغامات سے کام چلاتے ہیں چند دہائی قبل اسی قسم کے لوگوں نے اخباری اشتہاروں کا سہارا لیا تھا لیکن اُن کا دائرہ کار اندرون ملک تک محدود تھا ایسے لوگوں کو اخبارات کے مالکان تحفظ دیتے تھے کیونکہ ان اخبار مالکان کو اس طرح کے لوگوں سے اچھی خاصی رقم بطور بھتہ (اشتہارات) مل جاتی تھی۔ لاہور گوجرانوالہ اور کراچی ان افراد کی بڑی منڈیاں تھیں مگر اب یہ لوگ بلکہ اسی قسم کے دوسرے لوگ جو کہ شعبدہ بازی میں کمال رکھتے ہیں الیکٹرانک میڈیا پر ایسے چھا گئے ہیں اور ان کا دائرہ اشتہار پوری دُنیا تک پھیل چکا ہے۔ عوام الناس کو چاہیے کھوٹے اور کھرے کی پہچان رکھے اور ایسے شعبدہ باز لوگوں سے ہر ممکن بچیں۔ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کی وساطت سے روحانی قارئین کیلئے یہ پیغام ارسال کر رہا ہوں اور میری مثال اس مشن میں ایسی ہے کہ جیسے ایک شخص کڑوے سمندر میں نمک کی مٹھیاں بھر کر ڈال رہا ہوں کہ کاش سارا پانی نمکین ہو جائے مگر میرا یقین ہے کہ میری اس رائے سے اگر دو چار دوست بھی متفق ہو جائیں تو یقیناً ہم زیادہ نہیں تو کچھ لوگوں کو ایسے شعبدہ بازوں سے بچا سکیں گے جو کہ فیس بک، ٹوئٹر اور وٹس ایپ پر اپنے بڑے بڑے اشتہارات بڑے بڑے دعوں کے ساتھ شائع کر رہے ہیں اور معصوم لوگوں کو بیوقوف بنا رہے ہیں۔ مگر پھر سوچتا ہوں کہ مسئلہ یہیں ختم نہیں ہوتا۔ جیسی روح ویسے فرشتے.....

دوسری قسم ایسے مریضوں اور روحانی معالجین کی ہے آج کل مریضوں کو دیکھو تو علاج کرنے والوں کو شافی سمجھتے ہیں اور علاج کرنے والے اپنے آپ کو مسیحا وقت جانتے ہیں۔ ان کی خدمت میں ادنیٰ درجہ کا بیمار آتا ہے اُس سے بھی معقول فیس و قیمت دوا و پرچکاری اور آپریشن وغیرہ کی لے لی جاتی ہے چاہیے یہ تھا کہ جب مریض کے مرض کی تشخیص درست میں علاج مفید سمجھا جاتا ہے تو مریض کو بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ زیادہ تعداد مریضوں کی ایسی دیکھی گئی کہ مریض کے جسم میں دواء پہنچائی گئی اور معالج صاحبان فیس لے کر رخصت ہو گئے۔ مریض بے چارے جاں بحق ہو گئے ایسا بھی سُنا گیا کہ بعد موت مریض، ان کے اقرباء سے فیس لی گئی۔ اپنا 50 سالہ تجربہ تو مذہب اسلامیہ کی پیروی سے مرض کی تشخیص بخوبی ہو جانے پر دوبارہ زندگی میسر آتی ہے معالج صاحبان خدا و رسولؐ کے فرمودات پر عمل کریں گے اُن کی چٹکی خاک اور ایک نظر دیکھنے سے اچھے ہو جائیں گے۔

زمانہ قدیم میں معالجین کے جو تذکرے چلے آتے ہیں کہ ملکہ کو بلا کر نبض دیکھتے اور دوا استعمال کرائے بغیر اس کا علاج کرتے تھے اسی طرح بادشاہوں کے علاج ہوتے تھے حکیم علوی خان کو شہنشاہ ایران اپنی ہمراہ لے گئے راستہ میں شہنشاہ ممدوح بیمار ہو گئے اور بلا دوا استعمال کرائے بغیر اچھا ہونا چاہتے تھے۔ حکیم صاحب نے فرمایا کہ پنکھے کی ہوا تو کھالی جائے گی بادشاہ سلامت کا ارشاد ہوا کہ اس میں مضائقہ نہیں چنانچہ ایسا کیا گیا اور اس بادشاہ کی صحت ہو گئی سمجھے یہ کیا بات تھی اس بات پر ذرا غور کریں ان کا روحانی عمل کیا تھا اللہ کے ارشاد پر وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ اور وہ اس کلام کے عامل تھے فرمودہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لکل داءٍ دواءٌ فاذا اُصیب برء باذن اللّٰہ اور لا یردّ القضآء الّا بالدّعاء۔

تمام علاج کرنے والے حضرات سے عاجزانہ التجا ہے کہ وہ ان ارشادات کی پابندی اختیار فرماویں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر ایک روحانی و

جسمانی مرض سے نجات ملے گی۔ اُس وقت مجھے بہت دُکھ اور رنج ہوتا ہے جب کوئی مصیبت زدہ جعلی روحانی معالج سے لُٹ کر آتا ہے۔

سریع التاثیر اسم اعظم

یہ ایک نہایت سریع التاثیر عمل ہے روحانی معالج صاحبان اس کے عامل ہو جائیں ایسا بیماران کے پاس نہ آئے کہ جو بستر مرگ پر ہو یا حکیم کے بحساب ابجد 89 عدد ہوتے ہیں فجر، عشاء کی نماز کے بعد 5000 بار پڑھتے رہیں مدت ورد عمل 41 یوم ہے۔ ہر بدھ کے روز ملے جُلے اناج کا صدقہ ضرور دیا کریں عمل ہمیشہ ہاتھ میں رہے گا۔ ہر مرض کا شافی معالج بن جائے گا۔

مرض سلب ہو جائے

یہ ایک ایسا عجیب روحانی علاج ہے جیسے کہ انبیائے کرام کا معجزہ اور اولیاء اللہ کی کرامات کہ کسی بھی مریض کو چھو کر یا نظر بھر کر دیکھنے سے بیمار اچھے ہو جاتے تھے اور دوسری دعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بتائی ہے جس سے مردہ زندہ ہوتے اور کوڑھی صحت پاتے تھے۔

یا الٰہی سے سب کام دینی و دنیوی آسان ہوتے ہیں لہٰذا اللہ اللہ کرنے والوں میں امراض سلب کرنے کی بھی ایسی قوت پیدا ہو جاتی ہے کہ کوئی کیسا ہی لا علاج بیمار ہو اس کی بیماری کو ہاتھ پھیرنے اور دم کرنے سے بعنایت باری تعالیٰ اچھا کر دیتے ہیں لیکن استخارہ مسنونہ کے ذریعہ پہلے معلوم کر لیا کرتے ہیں کہ اس کو آرام ہو جائے گا یا نہیں ہو گا پس جس کو آرام ہونے کی امید ہو اس کی بیماری کو سلب کیا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ صحت کلی حاصل ہو ایسے بیمار کے علاج میں کچھ نہ لے بعد صحت کوئی نذر کرے وہ خوشی سے قبول کر لے صاحب حیثیت افراد سے لے کر غرباء میں تقسیم کر دے۔

امراض طلب کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کو کسی ڈاکٹر یا حکیم کی دوا نہ دی جائے اور مریض ہندو ہو یا مسلمان سب کا علاج کرے غریب ہو یا امیر کئی بیمار ہوں تو پہلے جو بھی آئے خلوص نیت سے اُس کا علاج کرے۔ مریض کو مردے کی طرح خاموش چت لٹا دیا جائے اور دونوں ہاتھوں کے درمیان گاؤ تکیہ رکھ کر اوّل انگوٹھے کو پکڑ کر چہرے پر ٹکٹکی باندھ کر دس پندرہ زیادہ سے زیادہ بیس منٹ تک جس قدر رہ سکے دیکھے جائے اس کو اہل تصوف کے یہاں نور بھرنا کہتے ہیں دس منٹ سے کم نہ دیکھے اتنی دیر کے بعد انگوٹھے چھوڑ کر دو چار یا پانچ منٹ دونوں ہاتھوں کو سر پر رکھے پھر ہاتھوں کو ایک دو منٹ کندھوں پر رکھ کر ایک منٹ میں ہاتھوں کو پھیرتا ہوا بیمار کی انگلی ہاتھوں تک پہنچائے پھر اسی طرح پیٹ پر رکھ کر کمر تک، پھر ایک منٹ سینہ پر رکھ کر آدھے منٹ میں ناف تک پھر دو تین منٹ پیٹ پر ہاتھ پھیرنے سے تمام جسم میں نور بھر جائے گا۔ اگر مریض کے درد اُٹھے تو وہ علامت مرض سے اچھے ہونے کی ہے۔ اس سے ڈرنا نہ چاہئے یہ حالت دیر تک نہیں رہے گی، پھر مریض کو بلا ہاتھ لگائے ایسا کرے کہ ماتھے سے پاؤں کی انگلیوں تک اپنی اُنگلی بدن اور جسم کے ذرا اوپر یعنی آدھے انچ کے فاصلے سے ادھر رکھ کر پھیرتا لائے جب گھٹنوں کے اوپر ہاتھ کی انگلی آئیں تو یہاں اپنے ہاتھوں کو سلامی کرتا ہوا انگوٹھوں سے بیماری کو پندرہ بیس مرتبہ نکالے اور ہر مرتبہ اُنگلیاں زمین پر جھاڑے یعنی جھٹکا دیں۔ خواتین کو ہاتھ نہیں لگانا ہے اس کو پردے میں الگ کمرے میں لٹا دیں۔ خواتین کے روحانی علاج کا دوسرا طریقہ یہ بھی ہے کہ مریض خاتون اپنے گھر میں باوضو الگ کمرہ میں پاک صاف ہو کر لیٹے اور عین اُس وقت روحانی معالج اپنے گھر خاص نشست پر اُس خاتون مریضہ کا تصور کر کے علاج شروع کرے۔ درود پاک کا ورد ہمہ وقت جاری رکھیں تا کہ تصور میں بھی کہیں پر شیطان کا غلبہ نہ ہو۔ اس کے بعد مریض کو خمار اور غفلت سی باقی رہ جاتی ہے تو اُس کے دور کرنے کیلئے گھٹنوں سے پیروں کی انگلیوں تک ایسے ہی اوپر سے نیچے متذکرہ بالا طریقہ کے مطابق جھٹکا دے۔ یہاں تک کہ یہ بے ہوشی اور غفلت بھی دور ہو جائے۔ چونکہ بخار کے مریض کو پانچویں۔ ساتویں، نویں۔ گیارہویں اور ایسے ہی بیماری ہونے سے طاق دنوں میں علاج کرے یعنی بخار کی حالت میں ایک سخت تغیر ہوا کرتا ہے پس اس ترکیب سے وہ بھی نہیں ہوتا اور جلد اچھا ہو جاتا ہے روحانی معالج کا عابد وزاہد ہونا ضروری ہے خلوص نیت سے اپنے مریض کا علاج کریگا تو یقیناً بیمار کربلا کے صدقے مولا اُسے بھی شفاء دیگا۔

کسی خاص عضو میں مرض ہے تو اوّل چہرے پر نور بھرے یعنی ٹکٹکی باندھ کر دیکھے اس کے بعد مرض کی جگہ پر نور بھرے پہلے جیسے کندھوں اور پیٹ پیٹھ پر نور بھرنا بتایا گیا ہے اسی طریقہ سے اس عمل کو کریں اور اگر ہاتھ پاؤں میں مرض ہے تو صرف مرض کی جگہ بغیر ہاتھ لگائے جسم کے ہاتھوں یا پاؤں کی انگلیوں سے انگوٹھا پکڑ کر مرض نکال کر ہاتھ جھاڑے اگر ہاتھوں یا پیروں کے سوائے اور کسی جگہ مرض ہے تو پہلے چہرے پر نور بھرے بعد اُس کے مرض کی جگہ پر نور بھر کر چہرے سے پاؤں تک انگوٹھا پکڑ کر بذریعہ پاس طویل مرض نکالے (انگلی جسم سے اوپر رہے) آرام ہو جانے کے بعد بھی احتیاطاً پندرہ بیس دن دم شدہ پانی پلائیں کہ پھر مرض نہ ہو

جائے پانی کو مقدار کے مطابق یعنی جس قدر دن بھر میں پانی پی سکے پی لے۔ دس پندرہ بیس منٹ یا ایک گھنٹہ تک اُنگلیوں سے اور آنکھوں سے دم کرے یعنی نور بھرے، یہ خیال کرے کہ میرا دم شفا اس پانی میں جاتا ہے اور اگر کوئی آیت پڑھ کر دم کرے تو اور اچھا ہے۔ جن، بھوت، چڑیل وغیرہ یا اثرات بد کے خاتمہ کیلئے سورۂ جن، سورہ مزمل کا ورد کرے۔

خاتمہ ہر جسمانی و روحانی مرض:۔ کسی بھی قسم کا مرض ہو چاہے اُس کا تعلق جسم سے ہو یا روح سے جادو جنات ہو آیت شفاء اپنا کمال رکھتی ہے۔ **آیت شفاء کا پیالہ ادارہ روحانیات سے طلب کیا جا سکتا ھے جس میں خاص روحانی قوت ھوتی ھے اگر یھی آیت شفاء معجزاتی پیالہ سورۃ مزمل میں پانی دم کر کے مریض کو پلایا جائے تو روھانیہ و جسمانی مریض کو جلد حیرت انگیز طور پر فائدہ ھوتا ھے معجزاتی پیالہ سورہ مزمل بھی ادارہ روحانیات سے حاصل کیا جا سکتا ھے۔**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

وَ یَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّوْمِنِیْنَ۔

وَ شِفَآءٌ لِّمَافِی الصُّدُوْرِ۔

یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِھَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُہٗ فِیْہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

وَ ھُدًی وَّ رَحْمَۃُ الْمُوْمِنِیْنَ فِیْہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُوْمِنِیْنَ۔

وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَیَشْفِیْنِ۔

قُلْ ھُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ھُدًی وَّشِفَآءٌ۔

شدید مرض میں مبتلا مریض:۔ جو مریض کروٹ تک نہیں لے سکتے جس طرح ہو سکے اُسی طرح توجہ دے خواہ ہاتھ سے پکڑ کر یا نہ پکڑ کر یا صرف رومال سے۔ بچے جب سو جائیں تب توجہ دے۔ ہر مریض پر ڈیڑھ گھنٹہ سے زیادہ محنت نہ کرنی چاہئے اور جن کی عمر ستر برس سے زیادہ ہو اُن کو پندرہ منٹ سے زیادہ توجہ نہ دینی چاہئے کیوں کہ کمزوری آتی ہے غریبوں کا علاج فی سبیل اللہ کرے اور اگر مال دار مریض ہدیہ شکرانہ دے تو قبول کرے اور اُن سے صدقہ بھی کرایا جائے کہ صدقہ رڈبلا ہوتا ہے سر میں اگر درد ہو تو دم شدہ پانی سنگھانا یعنی پانی کی ناس لینا۔

اگر کوئی گنجا ھو تو آب شفاء سے سر کو دھوئے مگر خیال رکھے کہ پاک صاف جگہ پر پانی گرے جہاں پر اس پاک آب شفاء کا تقدس برقرار رہے شہروں میں کچی جگہ نہیں ملتی لہذا کسی بالٹی یا ٹب میں سر دھونے کے بعد اُس پانی کو دیوار گملے یا درخت کی جڑ میں ڈال دے۔

بواسیر والا مریض اس آب شفا کو پیٹ پر لگائے۔ جس کے پیٹ میں درد ہو دم کیا ہوا پانی بوتل میں بھر کر پیٹ پر پھیرنا چاہیے جس کی آنکھ میں نزلہ اُتر آیا ہو دم کیا ہوا پانی سلائی سے سرمہ کی طرح لگانا چاہئے یہ نزلہ کا پانی آنکھوں میں مرچوں کی طرح لگا کرتا ہے بعض امراض میں پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں بوتل کا پانی دم کیا ہوا دونوں پاؤں کے بیچ میں رکھ دیا جائے۔

جن مریضوں کو نیند نہیں آتی بے خوابی کی شکایت ہو تیل کو پانی کی طرح دم کر کے چراغ میں ڈالے اور روئی کو دو تین منٹ منہ سے دم کرے آنکھوں سے نور بھر کر بتی بنا دیں اور سبز شیشہ کے اندر چراغ جلائے اس کو مریض ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہے تو نیند آ جائے گی ایک بار کا تیل تین چار مرتبہ کام دے گا۔ مریض جو دوا یا غذا کھائے اُس کو بھی منہ یا آنکھوں سے دم کیا کرے۔ مریض کا بستر رضائی چادر۔ کُرتا۔ اور ہر ایک کپڑا جو اس کے استعمال میں ہو دم کر دیا کرے اسی طرح دوسرے تیسرے روز تمام کپڑوں کو دھو کر پاک صاف رکھیں اور ان کو روحانی معالج دم کرے اور اگر دوسرے کپڑے مریض بدلنا چاہے تو ان کو دُھلا کر پہنائے۔

اسم اعظم مع لکی نگینہ

اگر کوئی بھی شخص اپنے اسم اعظم کا درست ورد کر لے تو ایسا شخص بادشاہوں والی زندگی گزارتا ہے اور اگر کسی شخص کو اس کے نام کا اسم اعظم اس کے لکی نگینے پر لکھا ہوا مل جائے تو ایسا شخص بادشاہوں سے بھی عالیشان زندگی گزارتا ہے۔

ادارہ روحانیات کی جانب سے آپ کے لکی نگینے پر آپ کا اسم اعظم کنندہ کرنے کا خاص انتظام کیا گیا ہے جو کہ خاص ورد کے بعد خاص اوقات میں کنندہ کئے جاتے ہیں۔ اپنا لکی نگینہ مع اسم اعظم منگوانے کے لئے

4200 روپے کا ہدیہ ادارہ کے نام جاری کریں

Papaya پپیتا کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

پپیتا کا شمار منطقہ حارہ کے قیمتی پھلوں میں ہوتا ہے۔اس کا اصل وطن جنوبی میکسیکو اور کوسٹاریکا ہے جہاں سے ہسپانوی مہم جو اسے سولہویں صدی میں فیلا لائے اور یہیں سے یہ رفتہ رفتہ منطقہ حارہ اور نیم استوائی علاقوں میں پھیل گیا۔موجودہ دور میں پپیتا کثرت کے ساتھ ہندوستان، چین، سری لنکا، ملایا، میکسیکو، برازیل، پیرو، وینز ویلا، وسطی اور جنوبی افریقہ کے علاوہ فلپائن، آسٹریلیا اور بحرالکاہل کے بہت سے جزیروں میں کاشت کیا جاتا ہے۔

پپیتا گداز، اندر سے کھوکھلا مگر بیجوں سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔یہ پھل 50 سے 60 سینٹی میٹر تک بڑا ہوتا ہے۔جبکہ وزن عام طور پر آدھے کلو سے دو کلو تک ہوتا ہے۔پپیتا کی کچھ اقسام ایسی بھی ہیں جن میں بیج نہیں ہوتا۔اس کی جلد ملائم ابتداء میں گہرا سبز لیکن پکنے پر زرد مائل یا نارنگی رنگ کا ہو جاتا ہے اس کا گودا نرم اور رس بھرا ہوتا ہے اس کا ذائقہ خوشگوار اور مہک خاص ہوتی ہے۔

غذائی صلاحیت:۔ پپیتا مکمل غذا ہے۔اس کے کھانے سے روزمرہ کی کچھ غذائی ضروریات جیسے پروٹین، معدنی اجزاء اور وٹامنز پوری ہو جاتی ہیں۔جوں جوں یہ پھل پکتا جاتا ہے۔اس میں وٹامن سی بڑھتی چلی جاتی ہے۔پپیتا میں کاربوہائیڈریٹس شکر کی صورت میں تبدیل شدہ ہوتے ہیں اسی لئے زود ہضم غذا ہے۔اس کے 100 گرام قابل خوردنی حصہ میں رطوبت 90.8 فیصد، پروٹین 0.6 فیصد، چکنائی 0.1 فیصد، معدنی اجزاء 0.5 فیصد، ریشے 0.8 فیصد اور کاربوہائیڈریٹس 7.2 فیصد ہوتے ہیں۔جبکہ اس میں معدنی اور حیاتینی اجزاء کا تناسب یہ ہوتا ہے۔کیلشیم 17 ملی گرام فاسفورس 13 ملی گرام، آئرن 0.5 ملی گرام، وٹامن سی 57 ملی گرام اور قدرے وٹامن بی کمپلیکس بھی ہوتی ہے۔اس کے 100 گرام قابل خوردنی حصہ کی غذائی صلاحیت 32 کیلوریز ہے۔

شفا بخش قوت اور طبی استعمال:۔ پپیتا ایسا پھل ہے جو زبردست طبی خواص کا حامل ہے۔اس کے طبی کو زمانی قدیم میں ہی جان لیا گیا تھا۔پپیتا نہ صرف آسانی سے ہضم ہو جاتا ہے بلکہ دیگر غذاؤں کو ہضم ہونے میں معاونت کرتا ہے۔نشوونما پانے والے بچوں کے لئے پپیتا بہترین ٹانک ہے۔نیز حاملہ خواتین اور دودھ پلانے والی ماؤں کے لئے اعلیٰ درجہ کی توانائی بخش غذا ہے۔جدید طبی تحقیق نے اس کی ان طبی خوبیوں پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔جو پرانے وقتوں سے پپیتا سے منسوب چلی آتی تھیں۔ان خوبیوں میں سب سے اہم خوبی وہ معاون ہضم اجزاء میں جو پپیتے کے دودھیارس میں پائے جاتے ہیں۔یہ رس پروٹین کو ہضم کرنے والے انزائمز پر مشتمل ہوتا ہے۔یہ دودھیارس پپیتے کے پودے کے ہر حصے میں پایا جاتا ہے۔ہضم کے عمل میں یہ انزائمز پیپسن سے ملتا جلتا ہوتا ہے جبکہ اس کا اثر اثر پیپسن سے دوسو گنا زیادہ ہوتا ہے۔یہ رس جسم کے انزائمز کو خوراک کی غذائیت کو جزو بنا کر توانائی اور جسم کو تعمیر کرنے والے مادے فراہم کرتا ہے۔کچے پپیتے میں پاپائن نام کا ایک جزو پایا جاتا ہے جو معدے کے سیال کی کمی، معدے کے غرے مفید، سفید بال کی زیادتی، بدہضمی اور انتڑیوں کی خراش میں بہت مفید ثابت ہوتا ہے جبکہ پکا ہوا پپیتا استعمال کرنے سے روز روز لاحق ہونے والی قبض خونی بواسیر اور پرانے اسہال ختم ہو جاتے ہیں۔پپیتا کے بیجوں کا رس فساد ہضم اور خونی بواسیر میں خوب کام دکھاتا ہے۔کچے پپیتا کے دودھیارس میں موجود معاون ہضم انزائم پاپائن سے پیٹ کے کیڑے، انتڑیوں کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ایک کھانے کا چمچہ تازہ رس اتنی مقدار میں شہد اور تین چار چمچے گرام پانی بالغ مرد کی ایک خوراک ہے۔اس کے بعد 250 سے 375 ملی لٹر گرم دودھ میں 30 سے 60 ملی لٹر کیسٹر آئل ملا کر ضرور پینا چاہئے۔اگر دوسری خوراک ضروری ہو تو دو دن تک دہراتے رہنے پر پیٹ کے کیڑے ہلاک ہو کر پاخانہ کے راستے خارج ہو جاتے ہیں۔اگر مریض کی عمر 7 سے 10 سال ہو تو اوپر بیان کی گئی خوراک کا نصف دینا چاہئے جبکہ تین سال اس سے کم عمر بچوں کیلئے چائے کا ایک چمچہ ہی کافی ہے۔پیٹ کے کیڑے پپیتے کے بیج کے استعمال کرنے سے بھی مر جاتے ہیں۔بچوں میں کیریسین نام کا ایک مادہ پایا جاتا ہے جو پیٹ کے کیڑے خارج کرنے کی موثر دوا ہے۔پپیتا کے پتوں میں موجود الکلائیڈ کارپین کے استعمال سے پیٹ کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں یا پھر خارج ہو جاتے ہیں اس کے پتوں کو شہد کے ساتھ کھلایا جاتا ہے۔کچے پپیتے کا جوس (رس) کئی جلدی امراض کا شفا بخش

علاج ہے۔اس کے خارجی استعمال سے سوجن اتر جاتی ہے۔ پیپ بننا بند ہوجاتا ہے۔ چنڈی، پھنسیوں اور جلد کی غیر ضروری افزائش میں مطلوبہ نتائج دیتا ہے۔اس جوس سے چہرے پر دھوپ کی وجہ سے پڑ جانے والی چھائیاں اور بھورے داغ ختم ہوجاتے ہیں گویا میک اپ کا کام دیتا ہے۔اس کے باقاعدہ استعمال سے جلد نرم اور ملائم ہوجاتی ہے۔فنگس کے چھوت ہو یا داد کا مرض، یہ جوس متاثر جلد پر لگانا فائدہ مند ہے۔ کچے پپیتے کا تازہ جوس شہد ملا کر گلے کے سوجے ہوئے غدودوں پر لگانا خناق کے ساتھ کئی دوسرے امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ پھولی ہوئی بافتوں کو تحلیل کرتا ہے اور انفیکشن کو بڑھنے نہیں دیتا۔ کچے پپیتے کی یہ خوبی یہ ہے کہ یہ رحم کے پٹھوں کو سیکڑنے میں معاونت کرتا ہے۔حیض میں باقاعدگی پیدا کرنے کیلئے بہت مفید ہے۔ سردی کی وجہ سے یا نوخیز لڑکیوں کا حیض خوف کی وجہ سے رکا ہوا ہو تو پپیتا کچا حیض کی بندش کو دور کرنے کر کے باقاعدہ بناتا ہے۔زیادہ شراب نوشی یا کم غذائیت کی وجہ سے جگر سکڑ جانے جسے تعلب جگر کہتے ہیں اس مرض کا تدارک پپیتے کے بیج سے کیا جاتا ہے۔ پپیتے کے بیجوں کو کچل کر جوس حاصل کرلیا جائے اور اس جوس کا ایک کھانے کا چمچہ لے کر اس میں تازہ لیموں کا جوس دس قطرے ملا کر روزانہ ایک یا دو بار ایک ماہ تک مسلسل دیتے رہنے سے تعلب جگر کا عارضہ ختم ہوجاتا ہے۔تلی (طحال) بڑھ کانے کی حالت میں پکا ہوا پپیتا موثر علاج بالغذا د ہے پپیتے کو چھیل کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ایک ہفتہ تک سرکہ میں ڈبوئے رکھیں، پھر اس پھل کو بقدار 20 گرام دوپہر اور رات کے کھانے کے ساتھ استعمال کریں بہت فائدہ ہو گا۔ملیریا کی وجہ سے بڑھی ہوئی تلی (طحال) کا علاج کچے پپیتے کے ٹکڑے زیرے کے ساتھ ملا کر کھانے سے بڑھی ہوئی تلی (طحال) معمول پر آجاتی ہے۔

متفرق استعمال: ۔کچا پپیتا عموماً سبزی کی طرح پکایا جاتا ہے۔ کچے پھل کے گودے سے تیار کردہ پاپین گوشت کے پکوانوں، چیونگ گم، کاسمیٹکس اور ہاضمے کی ادویہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ منطقہ حارہ کے ملکوں میں پپیتے کا پکا ہوا پھل ناشتے میں کھانے کے بعد پھلوں اور سلاد میں استعمال ہوتا ہے۔ پپیتے سے مشروبات، جام اور آئس کریم کو ذائقہ دیا جاتا ہے۔

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

رحیم یار خان میں بابا عبدالرحمٰن کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔تحفہ روحانیات مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

بابا عبدالرحمٰن نیوز ایجنٹ رحیم یار خان 0300-6723855

فضیلت شعبان

رمضان سے قبل خاص ماہ شعبان کی آمد ہے اس خاص ماہ کی فضیلت و برکات کا ہر مسلمان متمنی ہوتا ہے۔فضیلت شعبان حدیث مبارکہ کی روشنی میں

شعبان سے لوگ غافل ہیں

حضرت اُسامہ بن زید فرماتے ہیں، میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ میں دیکھتا ہوں کہ جس طرح آپ ﷺ شعبان میں روزے رکھتے ہیں اس طرح کسی بھی مہینے میں نہیں رکھتے؟ فرمایا رجب اور رمضان کے بیچ میں یہ مہینہ ہے لوگ اس سے غافل ہیں اس میں لوگوں کے اعمال اللہ رب العالمین عزوجل کی طرف اُٹھائے جاتے ہیں اور مجھے یہ محبوب ہے کہ میرا عمل اس حال میں اٹھایا جائے کہ میں روزہ دار ہوں

سنن نسائی، ص ۳۸۷، حدیث: ۲۳۵۴

15 شعبان کا روزہ

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا سے مروی ہے کہ نبی کریم، رؤف رحیم ﷺ کا فرمان عظیم ہے۔ جب پندرہ شعبان کی رات آئے تو اسمیں قیام (یعنی عبادت) کرو اور دن میں روزہ رکھو۔ بے شک اللہ تعالیٰ غروب آفتاب سے آسمان دنیا پر خاص تجلی فرماتا اور ارشاد ہوتا ہے! ہے کوئی مجھ سے مغفرت طلب کرنے والا کہ اُسے بخش دوں! ہے کوئی روزی طلب کرنے والا کہ اُسے روزی دوں! ہے کوئی مصیبت زدہ کہ اُسے عافیت عطا کروں! ہے کوئی ایسا اور یہ اُس وقت تک فرماتا ہے کہ فجر طلوع ہوجائے۔

سنن ابن ماجہ ج ۲، ص ۱۶۰، حدیث: ۱۳۸۸

شعبان کے روزے

بخاری شریف میں ہے: حضرت عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں کہ! رسول اللہ ﷺ شعبان سے زیادہ کسی مہینے میں روزے نہ رکھا کرتے تھے بلکہ پورے شعبان ہی کے روزے رکھ لیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے: اپنی اِستطاعت کے مطابق عمل کرو کہ اللہ عزوجل اپس وقت اپنا فضل نہیں روکتا جب تک تم اُکتا نہ جاؤ۔ (صحیح بخاری، ج ۱، ص ۶۴۸، حدیث: ۱۹۷۰)

برج حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) اس ہفتہ والدہ یا قریبی بزرگ سے خصوصی طور پر اپنے حق کے لئے دعا کروائیں۔ ان کے اُٹھے ہوئے ہاتھوں میں آپ کیلئے انعامات، برکات، تجلیات لا سکتے ہیں جو کہ آپ کے لئے سرمایہ افتخار ہیں۔ نئی جائیداد کی خرید وفروخت کیلئے اچھے ایام نہ ہیں شراکتی معاملات میں موافقت نہ رہے گی وہ افراد جن کی اس وقت منگنی یا شادی ہوگی انہیں خوشی اور مالی فائدہ ملے گا جبکہ شادی شدہ افراد کو بھی خوش بختی حاصل ہوگی۔

(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے جس وجہ سے انہی ایام میں امدادی اغراض کیلئے روپیہ دینا، ہمت اور بہادری کا احساس ہوگا، مستقبل کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں اتوار کا دن خصوصاً اختراعی مقاصد حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ کسی اہم معاملے کے متعلق آپ کا ارادہ اور سوچ تبدیل ہو جائے گی شاید آپ کو دوست کے ارادوں کے مخلص نہ ہونے کا پتہ چل جائے گا۔

(17 تا 25) اگر معمولی نوعیت کے اختلافات پیدا ہوں تو رائی کا پہاڑ بنانے سے پرہیز کریں۔ شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں داخل ہو جائے گا تمام قریبی تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد دے گا۔ اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ شریک کار اور شریک حیات کے گھر پر ہوگا۔ اس وقت تک مالی معاملات پر گھریلو اثرات کی سرگرمیاں بہت زیادہ اثر انداز ہونگی۔ اگر ملک سے باہر رہے اور کام کرنے کا موقع ملے تو اس پر ضرور غور کریں۔

(26 تا 30) یہ ہفتہ ان افراد کیلئے موافق ثابت ہوگا جو شادی کرنا چاہتے ہیں یہ ماہ شادی کے متعلق اکثر امیدیں پوری کر دیگا۔ محبت کے معاملات کیلئے اختتام تک کا وقت موافق ثابت ہوگا۔ شادی، خاندانی معاملات کیلئے خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا سفر اور خط وکتابت لا ئیگا۔ سفر کے ذریعے نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے۔ ان معاملات سے متعلقہ سیارہ زہرہ سعد گھر میں موجود ہے۔ سفید رنگ استعمال کریں۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات کی وجہ سے وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے آسانی ہوگی مفت کی دولت ہاتھ آئیگی۔ بزرگوں کی خدمت کر کے اُن سے دعائیں لیں۔ صحت کا خیال رکھیں۔ خوشی کے موقع پر خیر خواہوں کو نہ بھولیں۔ فضول خرچی سے اجتناب کریں غلط قسم کے افراد آپ کی رومانوی زندگی پر اثر انداز ہونگے۔ اندرون ملک سفر درپیش آئے۔ لکی عدد 67 ہے۔

(9 تا 16) زہرہ کا تعلق خواتین اور جبکہ مریخ کو مرد مانا جاتا ہے ان دونوں سیارگان کے درمیان بہتر قوت اور طاقت اس ہفتہ نظر تثلیث کی شکل میں قائم ہو رہی ہے۔ اس کے اثرات میں رومانوی ماحول سازگار رہے۔ دوران سفر اپنے سامان کی حفاظت کریں یا سفر کرنے سے حتی الامکان گریز کریں۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے گھر میں کوئی اہم تقریب منعقد ہوگی۔ شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ اہم نحس نظر زہرہ مقابلہ مشتری قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت بگڑے ہوئے حالات مزید بگڑ سکتے ہیں طبیعت میں چڑچڑاپن پیدا ہو سکتا ہے۔ آمدن کے مقابلہ میں اخراجات کی زیادتی ہوگی لیکن آپ بہتر حکمت عملی سے ان مشکل حالات کو کنٹرول کر سکیں گے۔ کاروباری سفر نہایت فائدہ مند ہوگا لہذا سفر مبارک رہے گا۔ کاروبار میں برکت اور شراکت داری سے فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ دور دراز سے خوشی کی خبر مل سکتی ہے خیرات لازمی کریں۔

(26 تا 30) ان ایام میں صحت کی خرابی نظر آتی ہے۔ ذہنی تناؤ قائم رہے گا۔ مالی امور احتیاط کے طالب ہونگے لاپرواہی سے مالی نقصان کا اندیشہ پایا جاتا ہے۔ حفاظتی امور کی انجام دہی احتیاط کی طالب ہوگی کوئی غلبہ اقدام حیثیت وشخصیت پر حرف لا سکتا ہے۔ سیاہ رنگ کا لباس استعمال نہ کریں کوشش کریں سیاہ رنگ کی سواری پر سفر بھی نہ کریں۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد قران شمس کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب و غصہ کو دور کر سکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جا سکتا ہے۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جا سکتی ہے۔ زائچہ میں بچوں کی جانب سے بہتر لائحہ عمل پیش کرنے کی نشانی موجود ہے۔

(9 تا 16) 15 اپریل کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد مستقیم ہو رہا ہے اس دوران اس کی کھوئی ہوئی قوتیں واپس مل جائیں گی۔ عدالتی فیصلے، معاہدے کیے جا سکتے ہیں۔ اندرون ملک حصول رزق کے لئے بعض افراد کو سفر کرنے کا موقع مل سکے گا۔ فائدہ حاصل ہونے کی قوی امید ہے۔ اس ماہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا میل جول بڑھے گا با مقصد نوعیت کی سرگرمیاں بھی رہینگی۔ ایسے لوگ جن کا آپ سے قریبی تعلق ہے۔ صحت کا خاص خیال رکھیں ورنہ بیماری طول پکڑ سکتی ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ حالات بہتری کی طرف آ رہے ہیں طبیعت میں سے غصہ کا عنصر کم کریں ورنہ آئندہ کی کامیابی کو آپ ناکامی میں تبدیل کر بیٹھیں گے قوت ارادی مضبوط کر لیں۔ مخالفین آپ پر غلبہ پا سکیں یاد رکھیں کہ کچھ لوگ آپ کو نیچا دکھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لکی عدد 29 ہے۔

(26 تا 30) اس ہفتہ عطارد ترتیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ کسی سے تلخ کلامی سے نہ پیش آئیں کوشش کریں کہ اپنے برج کا صدقہ لازمی دیں۔ جو بات دل میں ہو اُسے زبان پر لے آئیں کسی کے معاملات میں پڑنے یا الجھنے کی کوشش نہ کریں اپنے کام سے کام رکھیں تو زیادہ بہتر ہے۔ جو کام کرنا ہو اُسے فوری انجام دیں۔ سستی کو اپنی زندگی سے نکال کر پھینک دیں۔ نئی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔ نیلا رنگ استعمال نہ کریں۔ ایک بھائی نما دوست انتہائی دُکھ دیگا۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ ج، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

(یکم تا 8) آپ ہمیشہ بہت زیادہ اعتبار کر کے اپنا نقصان کر بیٹھتے ہیں اور بعد میں آپ کے ہاتھ سوائے پچھتاوے کے کچھ نہیں آتا۔ اگر آپ کاروباری ہیں تو کچھ نقصان سے دوچار ہونا پڑے گا اور اگر آپ کا تعلق ملازم پیشہ افراد سے ہے تو افسران بالا کی جانب سے اچھی خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے لئے یہ ایام اچھے نہیں ایسا کرنے سے آپ اپنا نقصان کر بیٹھیں گے۔

(9 تا 16) علم عقل اور دانش حکمت کا سیارہ جو کہ آپ کے برج کا حاکم بھی ہے اس ماہ 15 اپریل کو اپنی رجعت ختم کر رہا ہے کسی بھی سیارے کی رجعت اُسکی سعد قوت کو کھو دیتی ہے اب یہ حالت رجعت سے مستقیم حالت میں آ رہا ہے۔ استقامت کی یہ حالت رُکے ہوئے معاملات اور مصائب کے حل ہونے کا اشارہ ہے۔ گزشتہ ماہ جو نقصانات اور پریشانیاں آپ کو برداشت کرنا پڑی وہ عطارد کی رجعت کی وجہ سے تھی۔

(17 تا 25) آپ کو سینہ اور معدہ امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ چھوتی بیماری کو معمولی نہ سمجھیں یہی مرض نیا مسئلہ کھڑا کر سکتی ہے۔ اگر کاروباری تبدیلی چاہتے ہیں تو اس ماہ فائدہ ہوگا ایک نیا دوست بنے گا لیکن اس کے مطلب کو ابھی آپ نہ پہچان سکیں گے۔ چند دنوں بعد وہ خود بخود ظاہر کر دے گا۔ غلط بیانی سے آپ کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ گذشتہ ماہ کا اختتام بھی خطرات سے پُر تھا ہے جبکہ ماہ رواں کا آغاز اور انجام بھی خطرات سے خالی نہیں۔

(26 تا 30) معمولی دشمن کو بھی معمولی نہ سمجھیں۔ ایسے حضرات جن کا پیشہ تجارت ہے اس ہفتہ کافی فائدہ ہونے کا امکان ہے۔ شریک حیات سے اختلاف ہو سکتا ہے اس ہفتہ کے باقی ایام میں بھی احتیاط کرنا ہوگی۔ انعامی اسکیمیں فائدہ دے سکتی ہیں۔ بہت سے لوگ ان دنوں آپ پر انگلیاں اُٹھا رہے ہیں پرواہ نہ کریں۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس
حروف۔م۔پتھر، ہیرا، لہسینا۔مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مُھَیمِنُ 115 بار۔یا متکبرُ 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب وغصہ کو دور کر سکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دُعا کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جاسکتا ہے۔ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جاسکتی ہے۔

(9 تا 16) 08 تا 09 اپریل آپ کے برج کا حاکم سیارہ شمس درجہ شرف سے گزر رہا ہے جو کہ سعد حالت میں ہوگا۔وہ افراد جو کہ عزت مال و دولت کے خواہشمند ہوں تو اس نادر وقت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔اپنے لئے نگینہ یا لوح شرف شمس خاص طور سے تیار کروائیں۔جس کی برکت سے بہت سی خواہشات کی تکمیل ہوسکتی ہے یاد رکھیں کہ یا نایاب وقت دوبارہ 1 سال بعد آئیگا۔ٹانگوں میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔

(17 تا 25) گزشتہ ہفتہ آپ کا حاکم سیارہ اپنے شرفی درجات سے گزرا تھا جس کے اثرات اس ہفتہ بھی آپ کے برج پر رہینگے مالی معاملات میں بہتری آسکتی ہے۔کچھ لوگ آپ سے حسد کرتے ہیں ان پر توجہ نہ دیں۔نئے کاروبار کی ابتداء کیلئے یہ ایام بہتر ہیں۔آئندہ مالی معاملات اور پریشانی سے بچنے کیلئے لوح یا نگینہ شرف شمس ضرور بنوائیں۔

(26 تا 30) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت کاروباری معاملات بہتری کی طرف آئیں گے اور مخالفین پر باآسانی غلبہ حاصل کر سکتے ہیں۔والدین سے ناراضگی بھی ختم ہوسکتی ہے بزرگوں کو منانے کے لیے یہ وقت معاون ثابت ہوگا۔کم عمر افراد کو والدین اور بزرگ رشتہ داروں سے فائدہ ملے گا۔لڑائی جھگڑے سے بچئے۔شریک حیات محبوب یا دوست سے پیدا ہوئے اختلافات طول پکڑ جائینگے۔

برج سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر، سیارہ عطارد
حروف۔غ، پ۔پتھر، زمرد، فیروزہ۔مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، پیلا۔موافق دھات، ٹین
